بابل اقتدا لے اہل خبرت وفطانت

آیاتنا تکلم ...
ی فلا خوف
صلوٰۃ والسلام
لا یزال ھذا
علیھم اثنا عشر
منھا به اسمھم خلیفا
رحمة ربه الجلیل
این رساله است
و دوان مشتمل

فصل اول در بیان حقیقت امامت

بدانکه این فصل مشتمل بر دو قسم است قسم اول در ذکر چندی از کمالات انبیاء
... که در تحقیق معنی امامت دخل دارد باید دانست که
... امام ظل نبوت و امامت ظل رسالت احکام نائب
... پیغمبران شناخت حقیقت ظل را از حقیقت اصل
... انبیا علیهم تعداد چندی از کمالات رسل علیهم الصلوٰة
... که در تحقیق معنی امامت دخل دارد درین مقام لازم آمد
بدانکه مقامات انبیاء و کمالات ایشان هر چند بسیار از بسیار
... از حد شمار که در حصار آن اشتغال نمودن ... تقسیم نموده است
... لیکن آنچه از کمالات ایشان در تحقیق معنی امامت دخل
... پنج اصل راجع میشود و حاصل امامت ولایت و بعثت و هدایت

سب سے بہتر ایسا اللہ ہے کہ جس نے فرمایا ہے جو آوے تمہارے پاس میری طرف سے ہدایتیں جو کوئی پیروی کرے میری ہدایت کی پس نہیں خوف اُن پر اور نہ اُنکو غم اور رحمت کاملہ اور سلام نازل ہو بہترین خلق پر کہ نام پاک اُنکا محمد ہے (صلی اللہ علیہ وسلم) جن کا ارشاد ہے ہمیشہ یہ دین قائم رہیگا یہانتک کہ قیامت قائم ہووے اور ہوویں اُن پر بارہ خلیفے سب کے سب قریشی ہوں اور اُن کی آل پر اور اُن کے

دوستوں پر سب پر

حمد و صلوٰۃ کے بعد بندہ ضعیف امیدوار رحمت خدائے جلیل کمترین بندگان محمد اسمٰعیل عفا اللہ عنہ عرض کرتا ہے کہ اس رسالہ مسمی ... امامت میں امامت کی حقیقت کا بیان

اور اُس کے اقسام کا ذکر ہے اور اُس کی دو فصلیں ہیں

پہلی فصل میں امامت کی حقیقت کا بیان ہے

اس فصل کی دو قسمیں ہیں پہلی قسم میں حضرات انبیاء علی نبینا و علیہم السلام کے چند کمالات کا ذکر ہے کہ جو تحقیق معنی امامت میں دخل رکھتے ہیں معلوم کرنا چاہیے کہ امام نائب رسول ہے اور امامت ظل رسالت ہے نائب کے احکام کی تحقیق منیب کے احکام سے پہچاننا چاہیے اور ظل کی حقیقت اصل کی حقیقت سے جاننا چاہیے بنا برین اس مقام پر حضرات انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام کے چند کمالات کی تعداد کہ تحقیق معنی امامت میں اُنکو دخل ہے لازم آئی مقدر بیان کر ... کہنا ہو کہ مقامات انبیاء اور کمالات مرسلین ہر چند بسیار از بسیار خارج از حد شمار ہیں ... کہ احاد ... سے ہیں ... اور ... لیکن جو کچھ کمالات کہ تحقیق معنی امامت میں دخل رکھتے ہیں اُن کا حاصل پانچ اصل ہیں ... نبوت و ولایت و بعثت و ہدایت

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للہ الذی قال فاما یاتینکم منی ہدی فمن تبع ہدای فلا خوف علیہم ولا ہم یحزنون والصلوۃ والسلام علی اکرم الخلق محمد الذی قال لا یزال ہذا الدین قائما حتی تقوم الساعۃ او یکون علیہم اثنا عشر خلیفۃ کلہم من قریش وعلی آلہ واصحابہ اجمعین

امابعد حیران سراپا عصیان ابوحنیف عبد اللطیف قریشی شہسوری غفر اللہ ولوالدیہ عرض پرداز ہے کہ ایک روز جناب فیضمآب مخدوم مکرم منشی محمد اسحاق صاحب سلمہ اللہ نے منصب امامت جناب مقبول بارگاہ رب مجید مولانا محمد اسمعیل شہید رحمۃ اللہ علیہ کے واسطے ارشاد فرمایا ہر چند خاکسار نے اپنی ہیچمدانی پر خیال کرکے اس امر انکار کیا لیکن جناب ممدوح کی کرم نوازی اور حسن ظنی نے نہ چھوڑا کہ اس امر سے اعراض کیا جاے چار ناچار بنام پروردگار خامہ رہوار کو اس میدان دشوار گذار کی طرف بڑھایا اور جو کچھ خیال نارسا میں سنہ تیرہ سو چھ ہجری میں اوراق ابیاض پر اس کا نقشہ کھینچا جناب باری سے دعا ہے کہ اسکو مقبول خاص و عام فرمائے اور قیامت تک لوگوں کو اس کا نفع پہنچائے اب ارباب سخن کی خدمت میں گذارش ہے کہ اس کتاب میں جس مقام پر خطا اور لغزش ملاحظہ فرمائیں بعین صواب اصلاح فرما کر چشم پوشی کو کام میں لائیں اسلئے کہ بھول چوک انسان کا قدیم شعار ہے لاریب منزہ عن عیوب ذات پروردگار ہے

والسلام علی من اتبع الہدی

بدانکہ منصب وجاہت را سہ شعبہ است محبوبیت
بنسبت رب العالمین وعزت در ملائکہ مقربین وساطت
بنسبت عباد صالحین۔ واین وساطت را بلفظ
سیادت تعبیر توان کرد پس منصب وجاہت مرکب باشد
از محبوبیت وعزت وسیادت وچنانکہ این منصب
برای انبیاء اللہ ثابت است کما قال اللہ تعالیٰ فی سورۃ
آل عمران إِذْ قَالَتِ الْمَلَائِكَةُ يَا مَرْيَمُ إِنَّ اللَّهَ يُبَشِّرُكِ
بِكَلِمَةٍ مِنْهُ اسْمُهُ الْمَسِيحُ عِيسَى ابْنُ مَرْيَمَ وَجِيهًا
فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ وَمِنَ الْمُقَرَّبِينَ وفی سورۃ الاحزاب يَا أَيُّهَا
الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَكُونُوا كَالَّذِينَ آذَوْا مُوسَىٰ فَبَرَّأَهُ
اللَّهُ مِمَّا قَالُوا وَكَانَ عِنْدَ اللَّهِ وَجِيهًا
برای دیگر عباد مقربین را ہم علی حسب قدرہم این منصب
جلیل القدر بدست می آید چنانچہ در حدیث وارد شدہ
لَا يَزَالُ يَتَقَرَّبُ عَبْدِي بِالنَّوَافِلِ حَتَّىٰ أُحِبَّهُ
فَإِذَا أَحْبَبْتُهُ كُنْتُ سَمْعَهُ الَّذِي يَسْمَعُ بِهِ وَبَصَرَهُ
الَّذِي يُبْصِرُ بِهِ وَيَدَهُ الَّتِي يَبْطِشُ بِهَا وَرِجْلَهُ الَّتِي
يَمْشِي بِهَا وَلَئِنْ سَأَلَنِي لَأُعْطِيَنَّهُ وَلَئِنِ اسْتَعَاذَنِي لَأُعِيذَنَّهُ
ونیز وارد شدہ مَنْ عَادَىٰ لِي وَلِيًّا فَقَدْ آذَنْتُهُ بِالْحَرْبِ
ونیز وارد شدہ أُولَٰئِكَ غَرَسْتُ كَرَامَتَهُمْ بِيَدِي ہرچند
این وجاہت مذکورہ برای انبیاء اللہ ودیگر خواص عباد اللہ
ثابت است فاما این وجاہت دو قسم است قسم اول
وجاہت اجتبائی قسم ثانی وجاہت کسبی این معنی را
بنحوی تمثیلی ایضاح باید کرد بیانش آنکہ چنانچہ امرای
عالی مقام ورؤسای ذوی الاحترام وجاہتے بحضور
بادشاہی البتہ حاصل می باشد لکن حصول آن بدو طریق

واضح ہوا کہ منصب وجاہت کے تین شعبے ہیں اول محبوبیت
بہ نسبت رب العالمین۔ دوم عزت بہ زمرۂ ملائکہ مقربین سوم وساطت
فیض بہ نسبت بندگان صالحین اور وساطت کو سیادت بھی کہہ سکتے
ہیں بنظر بریں منصب وجاہت محبوبیت اور عزت اور سیادت سے
مرکب ہوتا ہے جیسا کہ جناب باری جل مجدہ نے یہ منصب حضرات
انبیاء علیہم السلام کو عنایت فرمایا ہے ایسے ہی بندگان مقربین کو بھی علیٰ قدر
مراتب اس رتبہ جلیل القدر پر پہنچایا ہے چنانچہ انبیاء علیہم السلام کی نسبت
سورۂ آل عمران میں ارشاد ہے (ترجمہ جس وقت کہا فرشتوں نے اے مریم
تحقیق اللہ خوشخبری دیتا ہے تجھکو ساتھ کلمہ کے اپنی طرف سے کہ اسکا نام مسیح ابن مریم
ہے دنیا اور آخرت میں صاحب رتبہ والوں سے ہے) اور سورۂ احزاب میں ہے (ترجمہ
اے لوگو جو ایمان لائے ہو مت ہو مثل ان لوگوں کے کہ تکلیف دی موسیٰ کو پس
بری کر دیا انکو اللہ نے اس چیز سے کہ کہا انہوں نے اور تھے نزدیک اللہ کے
صاحب وجاہت) اور بندگان بارگاہ کی نسبت حدیث میں یوں وارد ہوا ہے
(ترجمہ میرا بندہ برابر نزدیکی حاصل کرتا ہے ساتھ نوافل کے یہاں تک کہ
میں دوست کر لیتا ہوں اسکو میں اسکی سماعت ہو جاتا ہوں کہ اس سے سنتا ہے
اور اسکی بینائی کہ اس سے دیکھتا ہے اور اسکے ہاتھ کہ چھوتا ہے اس سے اور پیر کہ چلتا ہے اس سے
اور البتہ اگر مانگے مجھ سے بیشک دونگا میں اسکو اور البتہ اگر پناہ مانگے مجھ سے پناہ دوں اسکو)
اور یہ بھی انکی شان میں ہے (ترجمہ جس نے میرے واسطے ولی بنایا پس
تحقیق وہ روبرو ہوا میرے لڑائی کو) اور یہی انکی نسبت ارشاد ہے
(ترجمہ یہی لوگ ہیں کہ انکی بزرگی میرے ہاتھ میں ہے) ہر چند
یہ وجاہت مذکورہ انبیاء علیہم السلام اور دیگر خاصان
بارگاہ خداوندی کو ثابت ہے لیکن اس کی دو قسمیں ہیں
قسم اول وجاہت اجتبائی قسم دوم وجاہت کسبی
اس کی مثال ایسی ہے جیسے امراء عالی مقام
اور رؤسا ذوی الاحترام کو ایک قسم کی
وجاہت درگاہ بادشاہی میں حاصل
ہوتی ہے لیکن اس کا حصول دو طریق پر

وشناسات پس تحقیق مفہومات این کمالات خمسہ در ضمن
تنبیہات خمسہ بیان باید نمود تنبیہ اول در تحقیق معنی
وجاہت باید دانست کہ انبیاء علیہم السلام بحضور
حضرت رحمان بہ نسبت جمیع افراد انسان نوعی از امتیاز
ثابت است کہ بہ نگاہ مہربانی منظور اند و بلطف ربانی مسرور
بہ نعمت انعام سرفراز اند بمزید اکرام ممتاز یا سمین چمن محبوبیت
اند۔ اورنگ نشین انجمن مقبولیت۔ [illegible] اند
افسران املاک قدس اند بتفویض مناصب [illegible] اند
و در سر انجام مہمات فخیمہ فائق سرداران محافل کروبیان اند
وسران عساکر قدوسیان۔ ہمت ایشان مفتاح اغلاق
ابواب است۔ و دعای ایشان بلا ریب مستجاب۔ محب
ایشان محبوب حضرت رب الارباب است۔ مبغض ایشان
مبغوض آنجناب محبت ایشان باعث رفع درجات
و توسل ایشان وسیلہ نجات۔ انسلاک در سلک ایشان
جالب عطیات است۔ و انہماک در اتباع ایشان دافع
بلیات منبع فیض [illegible] ارباب۔ اونٰی
مساعی متوسل ایشان [illegible] مساعی
متبع ایشان [illegible]
از صغائر [illegible] ایشان [illegible] مشابہ
کوہ کندن و کاہ برآوردن [illegible] اعمال سہل است
کہ از متوسل ایشان سر میزند [illegible]
دنیا و آخرت میگردد و نقرب الٰہی [illegible] ایشان شاہراہ
سلوک آن [illegible] سہل است
آسان [illegible] توسل ایشان [illegible] گردی [illegible] مسلمان
[illegible]

وشناسات سوا[illegible] کی معانی کی تحقیق تنبیہات
خمسہ کے ضمن میں کیجاتی ہے۔ پہلی تنبیہ وجاہت کے معنی
کی تحقیق میں ہے۔ جاننا چاہیے کہ انبیاء علیہم السلام کو
بحضور حضرت رحمان بہ نسبت جمیع افراد انسان ایک نوع کا
ثابت ہے کہ منظور نظر عنایات خداوندی [illegible] لطف
ربانی سے مسرور الوقت اور خوشحال ہیں۔
ہیں بہ ترقی اکرام نامتناہی سرفراز محبوبیت کے چمن کے یاسمین ہیں
مقبولیت کے انجمن کے اورنگ نشین۔ انس کے افلاک کے افسر
قدس کے افلاک کے ہیں مناصب عظیمہ کی تفویض انہیں کی ذات
بابرکات کو زیبا ہے۔ اور مہمات فخیمہ کا سر انجام انکے
ساتھ خوشنما ہے کروبیان کی محفل کے سردار ہیں قدسیوں
کے سربراہ کار ہیں انکی ہمت اور اولوالعزمی در ہائے
انکی دعا بلا ریب مقبول بارگاہ رب مجیب ہے انکا دوست محبوب
رب الارباب ہے انکا دشمن دشمن آنجناب ہے انکی محبت باعث ترقی
ہے انکا توسل وسیلۂ نجات ہے انکی تقلید جالب عطیات ہے انکا اتباع
دافع بلیات ہے۔ منبع فیض غیب ہیں مخزن اسرار لاریب ہیں
انکے متوسلین کی ادنیٰ سی سعی بدرجۂ غایت مشکور ہوا کے
متبعین کا بڑے سے بڑا گناہ فی الحال مغفور ہے۔ بہت سے
ریاضات شاقہ کہ ان کے بیگانے مرتاض سے عمل میں لائے
ہیں۔ آخر کو کوہ کندن اور کاہ برآوردن کے مصداق
کہلاتے ہیں اور بہت سے سہل اعمال کہ ان کے متوسل
کے ذات سے صدور پاتے ہیں بلا ریب ثمرۂ نجات دنیا
و آخرت بنجاتی ہیں۔ نزدیکی بارگاہ خداوندی انکے توسل سے
وہ شاہراہ ہے کہ جسکا طے کرنا سالکان طریقت پر نہایت سہل
اور آسان ہے اور بدون توسل انکی کے محض ہرزہ گردی
اور کوچہ نوردی ہے سمر و سامانی سے سو مراد وجاہت
سے یہی ہے کہ جس کا ہمنے ذکر کیا اور اس بیان سے بھی

[illegible] کہینچے والا [illegible] رواحت کنندہ [illegible]

چنانچہ حدیث لَا یَزَالُ عَبْدِیْ یَتَقَرَّبُ بِالنَّوَافِلِ الخ
اشارت ست بوجاہت کسبی۔ و کریمہ وَاصْطَنَعْتُکَ
لِنَفْسِیْ و کریمہ وَاجْتَبَیْنٰهُمْ وَهَدَیْنٰهُمْ اِلٰی صِرَاطٍ
مُّسْتَقِیْمٍ و کریمہ وَاَلْقَیْتُ عَلَیْکَ مَحَبَّةً مِّنِّیْ
وَلِتُصْنَعَ عَلٰی عَیْنِیْ و حدیث اُولٰئِکَ غَرَسْتُ کَرَامَتَهُمْ
بِیَدِیْ کنایت ست از وجاہت اجتبائی و آن مخصوص
است باخص عباد اللہ از انبیاء مرسلین و اکابر صدیقین۔

تنبیہ ثانی در بیان حقیقت ولایت

باید دانست کہ انبیاء علیہم السلام را در معاملات روحانی و کمالات انسانی
بہ نسبت عموم ناس اعتبارے می باشد کہ از حضرت الارباب
قابل خطاب اند و حامل کتاب باشارات غیبی مامور اند۔
و بہ بشارات لاریبی مستبشر۔ پرورش یافتہ بستان تکریم اند
و تربیت یافتہ دبستان تعلیم۔ سربلندان مجالس تعظیم اند
و دانشمندان مدارس تفہیم۔ مخزن اسرار احکام اند۔ و مورد
انوار الہام منور بنور بوارق ملکوت اند۔ و مؤید بظہور خوارق
ناسوت۔ بنور ایقان و حکمت معمور اند۔ و در بحر اجتناب
خشیت مغمور۔ بکمال محبت و موالات موصوف اند و
بادراک لذت مناجات مشغوف۔ در مقام حب فی اللہ
راسخ القدم اند۔ و در معرکہ بغض فی اللہ صاحب علم۔
در ابواب خضوع بغایت ہوشیار اند۔ و در آداب
خشوع نہایت تجربہ کار۔ در شدت خوف و رجا بسان
سیماب در اضطراب اند۔ و بقوت محو و فنا مثل شبنم در
آفتاب۔ در تعظیم رب کریم بغایت مؤدب اند و در معاملہ
رضا و تسلیم نہایت مہذب۔ و در تبتل و تجرید چست و چالاک
اند۔ و در توکل و تفرید مطہر و پاک۔ و در قطع علائق نفسانی

چنانچہ حدیث میں وارد ہے (ترجمہ) میرا بندہ برابر نزدیکی حاصل کرتا رہتا ہے
ساتھ نفلوں کے۔ آخر حدیث تک۔ وجاہت کسبی کی طرف
اشارہ ہے اور آیت کریمہ (ترجمہ) اور بنایا میں نے تجھکو خاص اپنے
واسطے۔ اور (ترجمہ) اور برگزیدہ کیا میں نے انکو اور ہدایت کی میں نے
انکو طرف راہ سیدھی کے۔ اور (ترجمہ) اور ڈالی میں نے محبت
تجھپر اپنی طرف سے اور تاکہ تیار ہو تو میری آنکھ کے سامنے۔ اور حدیث
(ترجمہ) یہی لوگ ہیں کہ انکی بزرگی میرے ہاتھ میں ہے۔ وجاہت
اجتبائی کی طرف مشیر ہے اور یہ خاص ترین بندگان خدا کے
ساتھ مخصوص ہے جو انبیاء مرسلین اور اکابر صدیقین ہیں

دوسری تنبیہ ولایت کی حقیقت کے بیان میں ہے

معلوم کرنا چاہیے کہ حضرات انبیاء علیہم السلام کو معاملات روحانی
اور کمالات انسانی میں بہ نسبت عوام الناس یہ درجہ کا اعتبار ہے کہ بارگاہ پروردگار
سے قابل خطاب ہیں اور حامل کتاب باشارات غیبی مامور ہیں اور بہ بشارات لاریبی
مستبشر پرورش یافتہ چمنستان تکریم ہیں اور تربیت یافتہ دبستان تعلیم
سربلندان مجالس تعظیم ہیں اور دانشمندان مدارس تفہیم مخزن اسرار
احکام ہیں اور مورد انوار الہام عالم ملکوت کے شعاعوں کے نور سے
منور ہیں اور عالم ناسوت کے معجزات کے ظہور سے مؤید اور مظفر
یقین اور حکمت کے انوار سے معمور ہیں اور دریائے پرہیزگاری اور خوف میں
سراپا مستغرق اور مغمور محبت خدا اور دوستی کبریائے مالا مال ہیں اور
بوجہ حصول لذت مناجات عاشق دیدار ذو الجلال مقام الحب فی
اللہ میں ثابت قدم ہیں اور معرکہ البغض فی اللہ میں صاحب علم
ابواب خضوع میں نہایت ہوشیار ہیں اور آداب خشوع میں کمال تجربہ کار
شدت خوف و رجا سے مانند سیماب بے قرار ہیں اور بکمال شوق مثل شبنم
در آفتاب محو دیدار تعظیم رب کریم میں بدرجہ غایت مؤدب ہیں اور معاملہ
رضا و تسلیم میں نہایت مہذب تبتل اور تجرید میں چست و چالاک ہیں
اور توکل و تفرید میں مطہر اور پاک قطع تعلقات نفسانی میں

۱ اسرار کرنے والے ۱۲ ۲ بزرگان ۱۲ ۳ کئے گئے ۱۲ ۴ حساب ۱۲ ۵ دوبے
جھکے ۱۲ ۶ دوستی رکھنا خدا میں ۱۲ ۷ دشمنی کرنا خدا میں ۱۲ ۸ بیرہ ۱۲ ۹
عاجزی ۱۲ ۱۰ انکساری ۱۲ ۱۱ ڈر ۱۲ ۱۲ امید ۱۲ ۱۳ علیحدگی ۱۲ ۱۴ جدائی ۱۲

مشہور می شود اول آنکہ شخصے کمالات نفسانی کہ مرغوب مالک ست حاصل کردہ و خدمات شائستہ بجا آوردہ تکالیف و رنج بیش از بیش در امتثال اوامر او بر خود گوارا ساختہ و جان و مال و عزت و آبرو در اطاعت او در باختہ پس نظر بہ لیاقت و اطاعت او عنایت مالک بحال او متوجہ گردیدہ و او را مقام وجاہت بدست آمدہ و طریق ثانی آنکہ بادشاہ حکیم ارادہ فرماید کہ کسے را تربیت و تادیب نمودہ بر منصب امارت و وزارت قائم گرداند بناء علیہ طفلے را از رعایائے خود ممتاز فرمودہ بحلیہ خاص ملقب نماید و او را بذات خود تربیت و تادیب فرماید و در کنف ولایت و کفالت خود پرورش کند و نہال تربیت او را بزلال عنایت خود آب دہد حتی کہ بسایہ حمایت خود بکمال نشو و نما رساند و بہ ثمر ثمرات مقصود گرداند باز کمالات تعلیمیہ خود را در نظر حضار حضور بانواع تدبیرات بر روے کار آرد و منصب مقصود بہ او سپارد اگرچہ منصب مذکور بالفعل بظاہر نظر بظہور کمالات او مسلم شدہ فاما منصب مذکور فی الحقیقت ہمان وقت باو مسلم شدہ بود کہ او را در سن طفولیت برائے اقامت این منصب پرورش فرمودہ بود پس این منصب و وجاہت اول حاصل گردید و حصول کمالات و ادائے خدمات از فرع اوست پس وجاہت اولی مترتب ست بر تحصیل کمالات و ادائے خدمات بخلاف ثانی کہ حصول کمالات و ظہور خدمات مترتب ست بر حصول وجاہت ہمچنین خواص عباد اللہ را نیز بحضور مالک علی الاطلاق و مالک بالاستحقاق منصب وجاہت بدو طریق حاصل می شود اول نتیجہ ادائے عبادات ست و ثانی اصل اصول ہمہ کمالات

مشہور ہوتا ہے اول یہ ہے کہ ایک شخص نے کمالات نفسانی پسندیدۂ خداوند حاصل کئے اور خدمات شائستہ بارگاہ بجا لائے اور تکالیف بسیار اور رنج بیشمار کا صدمہ بجا آوری ارشاد میں اپنی ذات پر اُٹھایا اور جان و مال اور عزت و آبرو کو اسکی اطاعت اور فرمانبرداری میں لوٹایا پس نظر بہ لیاقت و اطاعت اسکے عنایت خداوندی والطاف بادشاہی اُسکے حال کی طرف متوجہ ہوئیں اور اُسکو مقام وجاہت حاصل ہوا دوسرے طریق کا بیان ہے کہ بادشاہ دانا چاہیے کہ کسی کو مہذب اور مؤدب فرما کر منصب امارت اور وزارت پر قائم کرے بنا بریں کسی لڑکے خورد سال کو رعایا سے ممتاز اور خوش حال فرما کر حلیۂ خاص کے ساتھ ملقب فرمائے اور اسکو بذات خود معرض تادیب و تربیت میں لائے اور سایۂ ولایت اور ظل کفالت میں اُسکی پرورش کرے اور اُسکی تربیت کے نہال کو اپنی عنایت کے زلال سے تر و تازگی اور شادابی بخشے یہانتک کہ اپنے سایۂ حمایت میں اُسکو کمال نشو و نما پر پہنچا دے اور ثمر ثمرات مقصود کرے بعد اسکے کمالات تعلیمیہ کو حاضری حضور کی نظر میں اقسام اقسام کی تدبیروں کے ساتھ ظاہر کرے اور منصب مقصود اسکو مرحمت فرمائے۔ اگرچہ یہ تفویض منصب بالفعل بنظر ظاہر اُسکے کمالات ظاہری کا نتیجہ معلوم ہوتا ہے لیکن درحقیقت یہ مرتبہ اُس کو اُسی وقت مسلم ہو چکا تھا کہ جب ایام طفولیت میں بادشاہ نے اس منصب دینے کے لیے اُس کی پرورش فرمائی تھی۔ الحاصل منصب وجاہت اول حاصل ہوا اور حصول کمالات اور ادائے خدمات اُس کی فرع ہے پس وجاہت اولی تحصیل کمالات اور ادائے خدمات پر مترتب ہے بخلاف ثانی کہ اسمیں کمالات کا حصول اور خدمات کا ظہور وجاہت کے حصول پر موقوف ہے ایسے ہی خاصان بارگاہ کو بادشاہ علی الاطلاق و مالک بالاستحقاق کے حضور میں دو طریق پر منصب وجاہت حاصل ہوتا ہے اول نتیجہ ادائے عبادات اور ثانی اصل اصول جملہ کمالات

لہ ۹ رجب سنہ ۵۳ لڑکیں ۱۲

جاری وساری می نماید پس ہر کمال ایشان برنگے دیگری از دیگر
ممتاز از کمالات اولیاء دیگر اول عبودیت است وثانی
عصمت معنی عبودیت آنست کہ ایشان را با وجود اتصاف بہ
این کمالات نقصان ذاتی خود دائما ملحوظ خاطر می مانند
این کمالات را مثل لباس مستعار می انگارند و مثابہ تقلب
لیل و نہار می شمارند و دائما بمحض فضل رب العالمین نظر
می دارند و بہر حال شکر او بجا می آرند و گاہے خود را از حد بندگی
نمی گذرانند وہمیشہ راہ تادب می روند و ادنی مراتب گستاخی و
شوخ چشمی ہرگز روا نمی دارند و نوعے از ناز و تبختر بخیال
نمی آرند از سکر و شطح بیزار اند و از شورش مستی دست بردار
ہمیشہ راہ بندگی پویند و زیادت سرافگندگی می جویند
علی الدوام تضرعات عبودیت می دارند نہ ادعائے مرتبہ
الوہیت۔ بسان خاک خاموش اند نہ مثل آتش در
جوش۔ در مقام تجرید و تفرید از بندگان الہی متنفر نشوند
و حقوق ذوی الحقوق تلف نکنند و در مقام توکل راہ مستان
لا یعقل نروند و طریقہ تادب را کہ عبارت از رعایت اسباب
است بالکل از دست ندہند و بنا بر شوق لذت مناجات
از گم گشتگان بادیہ ضلالت دامن نکشند بلکہ تخلل اوقات
مناجات در ارشاد و ہدایت ایشان ہمت بر گمارند
در مقام حسن خلق مداہنت در دین متین و مساہلت در احکام
رب العالمین گوارا نمی کنند و ہرگز بہ این راہ ناروا نمی روند
و در مقام سخاوت و سماحت اسراف را راہ ندہند و در مقام
شجاعت و شہامت تابع جوش غضب نفس نیستند بلکہ
افعال و اقوال ایشان از اقتضائے اخلاق کاملہ ایشان
صادر نیست بلکہ از محض اطاعت رب العالمین ست و بس

جاری اور ساری کرتا ہے پس انکا ہر کمال دوسرے رنگ میں ظاہر
ہوتا ہے کہ اولیاء کے کمالات سے ممتاز اور جدا ہے اول
عبودیت[1] ثانی عصمت[2] عبودیت کے معنی یہ ہیں کہ یہ حضرات
با این ہمہ کمالات اپنے نقصان ذاتی کو ہمیشہ ملحوظ خاطر رکھتے ہیں اور
ان کمالات کو مثل لباس مستعار اور ناپائدار جانتے ہیں اور گردش
لیل و نہار کے مشابہ پہچانتے ہیں ہمیشہ محض فضل رب العالمین پر
نظر رکھتے ہیں اور ہر حال میں شکر پروردگار بجا لاتے ہیں اور کبھی حد بندگی
سے تجاوز نہیں فرماتے ہمیشہ راہ ادب میں چلتے ہیں گستاخی اور شوخ چشمی
کو ادنی سے مرتبے کی بھی ہرگز ہرگز روا دار نہیں ہوتے کسی قسم کا
ناز و تبختر خیال میں نہیں لاتے نشہ اور بیہودہ باتوں سے بیزار ہیں اور
شورش و مستی سے دست بردار ہمیشہ راہ بندگی میں پویاں ہیں اور
زیادتی سرافگندگی کے جویاں۔ رات دن تضرع و زاری جناب باری
میں اپنی نسبت انکا اشتغال ہے معبودیت اور الوہیت کا دعوی اور
ارادہ ان کی ذات سے محال ہے یہ مانند خاک کے خاموش ہیں مثل
آتش پر جوش۔ مقام تجرید و تفرید میں بندگان خدا سے انکو نفرت
نہیں ہے اور حقداروں کے حقوق ضائع کرنا انکی عادت نہیں
مقام توکل میں مستان بے عقل کی راہ پر نہیں چلتے اور طریقہ تادب
کو رعایت اسباب اسکو کہتے ہیں بالکل ہاتھ سے نہ دیں اور شوق
لذت مناجات گم گشتگان بادیہ گمراہی سے دامن نہ چھڑائیں بلکہ
مناجات کے اوقات میں خلل گوارا کر کے ان کی ہدایت
میں صرف ہمت اپنی فرمائیں مقام حسن خلق میں سے کم ہمتی
اور سہل انگاری دین متین اور احکام رب العالمین میں گوارا
نہیں فرماتے ہرگز ہرگز اس راہ ناروا کی طرف قدم نہیں
اٹھاتے مقام سخاوت اور سماحت میں اسراف کو راہ
نہ دیں معرکہ شجاعت اور سرداری میں جوش و خروش کا نام نہ لیں
الحاصل ان کے افعال اور اقوال انکے اخلاق کاملہ کے باعث
سرزد نہیں ہوتے بلکہ محض اطاعت رب العالمین انکے ظہور کا موجب ہے

[1] بندگی ۱۲ [2] پاک دامنی ۱۲

بیباک اند و در قلع وساوس شیطانی سفاک نہ بطہارت فطرت
مجبول اند و بعبادت رب العزت مشغول ۔ آتش محبت حق در دل
افروختہ اند و غیر حق را سراسر سوختہ ۔ در زہد و قناعت بی بدل اند
و در صبر و استقامت ضرب المثل ۔ در حل مشکلات فہم ممتاز اند
و در سر انجام مہمات ہمت بلند پرواز مخزن عقل و علم اند و معدن
عفو و حلم مجمع خلت و وفا اند و منبع عفت و حیا ۔ بر کافۂ خلائق رحیم
اند و در مراعات علائق کریم ۔ یگانہ ہر بیگانہ اند و ہمائے ہر خانہ ۔
در پے ہر گریزندہ دوان اند و در پیش ہر گزندہ سرگردان ۔ ابر
نیسان سخاوت اند و بہار گلستان سماحت ۔ شیران بیشۂ
شجاعت اند و دلیران میدان شہامت ۔ راست باز اند
سیر چشم و دشمن نواز ۔ در مکارم اخلاق یگانۂ آفاق اند و نسبت
طالبین حق عاشق و مشتاق ہمین ست مقصود از لفظ ولایت
درین مقام از ہمین بیان واضح گشت کہ مرتبۂ ولایت را
سہ شعبہ ست اول معاملات صادقہ مثل الہام و تعلیم و
تفہیم غیبی و حکمت دوم مقامات کاملہ مثل محبت و خشیت و
توکل و رضا و تسلیم و صبر و استقامت و زہد و قناعت و تفرید و
تجرید سوم اخلاق فاضلہ مثل علو ہمت و وفور شفقت و حلم و
حیا و محبت و وفا و صدق و صفا و سخاوت و شجاعت و
امثال و ذٰلک پس گویا منصب ولایت را ازین سہ شعبہ مرکب
توان گفت ہر چند این ولایت جمیع خواص عباد اللہ را
حاصل می شود چنانچہ کریمۂ اَلَاۤ اِنَّ اَوْلِیَآءَ اللّٰہِ لَا خَوْفٌ
عَلَیْہِمْ وَلَا ھُمْ یَحْزَنُوْنَ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَکَانُوْا یَتَّقُوْنَ
برآن دلالت میدارد و لکن ولایت این کسان رنگ دیگر میدارد
بیانش آنکہ حق جل و علی دو کمال بس عظیم از خزانۂ خاص خود
بایشان عطا می فرماید آن ہر دو را و تمامی کمالات مذکورہ

بیباک ہیں اور دفع وساوس شیطانی میں سفاک ستھرائی اور پاکدامنی
ابتدا سے انکی جبلی اور معمولی ہے اور عبادت رب العزت میں رات
دن انکی مشغولی آتش محبت حق سے انکا دل افروختہ ہے اور غیر
حق انکے نزدیک سراسر سوختہ ۔ زہد و قناعت میں بے بدل
ہیں اور صبر و استقامت میں ضرب المثل حل مشکلات فہم میں ممتاز
ہیں اور سر انجام مہمات عالی بلند پرواز عقل و علم کے مخزن ہیں
اور عفو و حلم کے معدن ۔ مجمع خلت و وفا ہیں اور منبع عفت و
حیا ۔ جمیع خاص و عام کے حال پر رحیم ہیں اور تمام تعلقات کی
رعایت میں کریم ۔ یگانہ بیگانہ ہیں اور ہمائے ہر خانہ ۔ ہر بھاگنے
والے اور نفرت کرنے والے کے پیچھے رواں دواں ہیں کہ راہ پر
لائیں اور ہر ایک ستانیوالے اور ایذا دینے والیکے پیچھے سرگرداں ہیں کہ
انکو اُسکی عادات سے باز رکھکر سایۂ عاطفت میں پہنچائیں ۔
سخاوت میں ابر نیساں ہیں اور سماحت میں بہار گلستان شجاعت
اور بہادری کے جھاندہ کے شیر ہیں شہامت اور سرداری کے
میدان میں دلیر سیر چشمی اور راستبازی انکا کام ہے دوست پروری
اور دشمن نوازی انکا سر انجام ۔ مکارم اخلاق میں یکتائے زمانہ ہیں
طالبان حق کے عاشق اور پروانہ ۔ الحاصل اس مقام پر کہ القیام
میں مقصود لفظ ولایت سے یہی ہے کہ معروض ہوا ۔ ایسے بیان سے ظاہر
ہوا کہ مرتبہ ولایت کے تین شاخیں ہیں اول معاملات صادقہ
مثل الہام و تعلیم و تفہیم غیبی و حکمت دوم مقامات کاملہ مثل محبت و
خشیت و توکل و رضا و تسلیم و صبر و استقامت و زہد و قناعت و
تفرید و تجرید سوم اخلاق فاضلہ مثل علو ہمت و وفور شفقت و حلم و حیا
محبت و وفا و صدق و صفا و سخاوت و شجاعت وغیرہ گویا منصب
ولایت ان تین شعبوں سے مرکب ہے ہر چند یہ ولایت جمیع بندگان خاص کو حاصل ہوتی
ہے چنانچہ آیت کریمہ (ترجمہ) خبردار تحقیق دوست اللہ کے نہیں خوف اوپر
انکے اور نہ وہ غمگین ہونگے جو ایمان لائے اور تھے پرہیزگار ۔ اسپر دال ہے لیکن ان
مقبولان بارگاہ کی ولایت کا رنگ اور ہی ہے جس کا بیان یہ ہے کہ
خداوند ذو الجلال بہت بڑے دو کمال اپنے خزانۂ خاص سے
انکو عطا فرماتا ہے اور ان دونوں کو تمامی کمالات مذکورہ میں

مذکور خواہد گردید ان شاء اللہ تعالیٰ تنبیہ ثالث در بیانِ حقیقتِ بعثت۔ باید دانست کہ انبیاء علیہم السلام مامور می شوند بہ تبلیغ احکام بسوے خواص و عوام و بعثت را یکے صورتِ ظاہرہ است و یکے حقیقتِ باطنہ ظاہرش ہمین است کہ از جانبِ حق جلّ علیٰ بطریقِ وحی یا الہام امرِ تبلیغ احکام بہ ایشان برسد و حقیقتش آنست کہ رحمتِ فراوان و شفقتِ بے پایان بہ نسبتِ مبعوث الیہم در قلوبِ ایشان القا فرماید بمشابہ القاے شدّتِ محبّت و فورِ شفقت در قلوبِ آبائے بہ نسبت ابناء پس چنانکہ گستاخی ابناء و آوارگی آنہا باعث رنج و تاب و قلق و اضطراب در قلوبِ آباء می گردد حتّی کہ تلفِ جان و مال در پے تادیب و تعلیم ایشان بر خود گوارا می سازند و چہ قدر جد و جہد بلیغ بجا می آرند و راحتِ ایشان را بعینہ راحتِ خود می انگارند و رنج ایشان را بعینہ رنج خود می شمارند و از تہِ دل خواہانِ بہبودِ ایشان می باشند و دائما جویاے سودِ ایشان می شوند و چار و ناچار در پے ایشان می دوند و کشان کشان در پسِ ایشان می روند خواہ از جانبِ بادشاہِ زمان باین خدمت مامور شوند خواہ نشوند بلکہ اگر مامور ہم شوند و سعیِ بلیغ بجا آرند و باز بتقدیرِ الٰہی اثرِ تادیب و تعلیم در ایشان جلوہ گر نگردد ہر آئینہ شکستہ خاطر و مضطرب القلب مانند اگرچہ از طرفِ خود امتثالِ امر نمودند و حقِ خدمتِ مفوضہ بوجہِ اتم ادا کردند آئندہ اگر بتقدیرِ الٰہی واقع نشد باین سبب می دانند کہ ہیچ گونہ عتابِ بادشاہی بحالِ ما متوجہ نیست و ہیچ قصورے بما عاید نہ بلکہ اگر خود بادشاہ بصد زبان ہزار تحسین و آفرین بر حسنِ خدمت گزاری آنہا فرماید ہر آئینہ پریشانیِ دل و ملال خاطر از ایشان زائل نگردد ہمچنین انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام را بہ نسبتِ قومِ خود بوجہے شفقتِ کاملہ می باشد کہ از آوارگی آنہا

ان شاء اللہ تعالیٰ مذکور ہوں گے تیسری تنبیہ میں بعثت کی حقیقت کا بیان ہے۔ واضح ہو کہ انبیاء علیہم السلام خاص و عام کی طرف احکام پہنچانے کے واسطے مامور ہوتے ہیں اور بعثت کی ایک صورت ظاہری ہے اور ایک حقیقت باطنہ ظاہر اسکا یہی ہے کہ جناب باری بطور وحی یا الہام انکو تبلیغ احکام کا ارشاد فرمائے اور حقیقت اُنکی یہ ہے کہ کمال رحمت اور نہایت شفقت اُنکے دل میں ڈالے کہ ہر حال میں اُمّت کے مہربان اور غمخوار ہیں اور ماں باپ کی محبت سے زیادہ اُنکے ساتھ محبت رکھیں جس طرح ہے کہ بیٹوں کی گستاخی اور آوارگی باپوں کے دل میں غصہ اور پیچ و تاب قلق اور اضطراب پیدا کرتی ہے یہاں تک کہ وہ انکی تادیب اور تعلیم کے پیچھے جان و مال کا ضائع کرنا اپنی ذات پر گوارا فرماتے ہیں اور بکمال جد و جہد اُن کی درستی اور اصلاح میں بجا لاتے ہیں اور اُن کی راحت بعینہ اپنی راحت جانتے ہیں اور اُن کا رنج بعینہ اپنا رنج پہچانتے ہیں اور تہِ دل سے اُن کی بہتری اور بہبودی کے خواہاں رہتے ہیں اور اُنکے سود اور نفع کے ہمیشہ جویاں رہتے ہیں چار و ناچار انکے پیچھے جاتے ہیں اور کشاں کشاں اُنکی طرف قدم بڑھاتے ہیں خواہ بادشاہِ زمانہ کی طرف سے اس خدمت پر مامور ہوں یا نہوں بلکہ اگر مامور بھی ہوں اور سعی بلیغ بجا لائیں اور پھر تقدیر الٰہی سے تادیب اور تعلیم کا اثر اُن میں ظاہر نہو البتہ شکستہ خاطر اور پریشان دل رہیں اگرچہ اپنی طرف سے حکم بجا لا چکے اور خدمت مفوضہ (سونپی ہوئی ۱۲) کا حق کامل طور پر اسکے موقع پر پہنچا چکے آئندہ اگر بہ تقدیر الٰہی یہ امر واقع نہوا اس وجہ سے خوب جانتے ہیں کہ ہم کسی طرح پر قابل عتاب بادشاہی نہیں اور کوئی قصور ہماری طرف عائد نہیں بلکہ اگر خود بادشاہ سو زبان سے ہزار تحسین اور آفرین اُنکی حسن خدمتگزاری فرمائے تب بھی پریشانی دل اور رنج خاطر اُن کے دل سے نہ جائے ایسے ہی انبیاء علیہم السلام کو اپنی قوم کی نسبت اس قدر شفقت کاملہ اور رحمت تامہ ہوتی ہے کہ اُنکی آوارگی

مثلاً اگر کسی را چیزے می بخشند ہرگز بمقتضاے سخاوت جمیلہ خود نمی بخشند بلکہ تامل میفرمایند کہ اگر رضاے رب العالمین باین بخشش متعلق ست فی الفور آن را بروے کار می آرند والا ازان نہایت بیزار اند و اگر در مقامے مقدمہ کار زار و جنگ و پیکار برپا میکنند بنا بر مقتضاے شجاعت خود برپا نمی کنند بلکہ اگر رضاے مولاے خود دران می بینند داد شجاعت در آن مقام میدہند والا پہلو تہی کردہ براہ خود می روند و ہمچنین در سائر امور قیاس باید کرد پس گویا کہ بظاہر کمالات مذکورہ بسان دانہاے تسبیح متعدد و متکثر ست فاما در حقیقت ہمان رشتہ عبودیت ہمہ را یک سلک گردانیدہ و معنی عصمت آنست کہ آنچہ بایشان تعلق میدارد از اقوال و افعال و عبادات و عادات و معاملات و مقامات و اخلاق و احوال آن ہمہ را حق جل و علی از مداخلت نفس و شیطان و خطا و نسیان بقدرت کاملہ خود محفوظ میدارد و ملائکہ حافظین را برایشان می گمارد تا غبار بشریت دامن پاک ایشان را نیالاید و نفس بہیمی بعضی مکنونات خود امر نفرماید و اگر احیاناً چیزیکہ خارج از قانون رضامندی حضرت حق باشد از ایشان بطریق شذوذ و ندرت صادر می گردد فی الفور حافظ حقیقی ایشان را بر آن آگاہ میفرماید و عصمت غیبیہ طوعاً و کرہاً ایشان را کشان کشان براہ راست می آرد و این ولایت مذکورہ کہ رنگین باشد برنگ عبودیت و عصمت آن را ولایت النبوۃ میگویند پس ولایت النبوۃ غیر منصب نبوت ست چہ منصب نبوت مخصوص ست بہ انبیاء و این ولایت النبوۃ اگرچہ بالاصالت در انبیاء یافتہ می شود فاما بعضے اکابر اولیاء را ہم بتبعیت انبیاء ازان نصیبے بدست می آید چنانچہ دلائل این دعوی از کتاب و سنت عنقریب

مثلاً اگر کسی کو کوئی چیز عنایت فرماتے ہیں ہرگز اپنی سخاوت جمیلہ کے اقتضا سے نہیں دیتے ہیں بلکہ غور فرماتے ہیں کہ یہ امر عطیہ ہمارا رضی خداوندی کے متعلق ہے یا نہیں اگر رضائے پروردگار کے تابع ہے فی الفور اسکے اظہار میں بر سر کار ہیں ورنہ اُس سے نہایت بیزار ہیں اگر کسی مقام میں لڑائی بھڑائی اور جنگ جدل کا مقدمہ برپا کرتے ہیں ہرگز اپنی بہادری اور شجاعت کے باعث برپا نہیں کرتے بلکہ رضائے مولی اگر اسمیں پاتے ہیں داد شجاعت اُس مقام پر دیتے ہیں ورنہ پہلو تہی کو کام فرما کر اپنی راہ لیتے ہیں اور ایسے ہی تمام امور میں قیاس کرنا چاہیے کمالات مذکورہ ظاہر میں تسبیح کے دانوں کی مانند متعدد اور متکثر ہیں لیکن حقیقت میں اُسی رشتہ عبودیت نے سب کو ہم سلک بنا رکھا ہے۔ اب عصمت کے معنی سنیے وہ یہ ہے کہ جو کچھ اقوال اور افعال عبادات اور عادات معاملات اور مقامات اخلاق اور احوال انکی ذات بابرکات کے ساتھ تعلق رکھتے ہیں حق جل و علی ان سب کو نفس اور شیطان خطا اور نسیان وغیرہ کی مداخلت سے اپنی قدرت کاملہ سے بچاتا ہے اور ملائکہ محافظین سے اُن کی نگہبانی کرتا ہے تاکہ غبار بشریت انکی پاکدامن کو آلودہ نہ فرمائے اور نفس بہیمی اپنے بعض مکنونات کے ساتھ غالب نہ آئے اگر اتفاقاً کوئی امر حضرت خداوندی کی رضامندی کے قانون کے خلاف اُن سے شذوذاً اور نادراً صادر ہو جاتا ہے فی الفور حافظ حقیقی انکو اُس پر مطلع فرماتا ہے اور عصمت غیبی خواہی نخواہی انکو کشاں کشاں راہ راست کی طرف لاتی ہے اور آئندہ کو جناب باری کی طرف سے انکو تنبیہ ہو جاتی ہے یہ ولایت مذکورہ کہ عبودیت اور عصمت کے رنگ سے رنگین ہو اسکو ولایت النبوۃ کہتے ہیں پس ولایت نبوت غیر منصب نبوت ہے اسلیے کہ منصب نبوت انبیاء کے ساتھ مخصوص ہے اور یہ ولایت نبوت اگرچہ اصالتاً انبیاء میں پائی جاتی ہے لیکن بعض اولیاء کرام کو بھی انکی تبعیت میں حصہ پہنچا ہے چنانچہ اس دعوے کے دلائل کتاب اور سنت سے عنقریب

لہ یوسعید گنگوہی ۱۲ اسہ ہروی ۱۲ مصر

و مردو ویست ایشان با عالم بحسن و قبح افعال و احوال ایشان با واعظ مشغول در ترغیب و ترهیب ایشان و دیگر و آنچه از اوصاف ایشان در تنبیهات ثلثه مذکور گردید همه شرح کمالات ایشان ست و آنچه در تنبیهین آخرین مذکور خواهد شد همه شرح تکمیل ایشان **تنبیه رابع در بیان حقیقت هدایت** - باید دانست که هدایت انبیاء علیهم السلام عبارت ست از ظهور اثر سیادت ایشان که در تنبیه اول مذکور شد زیرا که سیادت عبارت ست از وساطت ایشان در میان حق جل و علی و بندگان او در باب حصول فیض غیبی و هدایت ظهور اثر آن فیض ست بواسطه ایشان در مقبولین پس درین مقام تامل باید کرد که هدایت از ایشان بچه چیز و بچه طریق صادر میگردد اما اول پس بیانش آنکه اصل مقصود از بعثت ایشان همین ست که بندگان الٰهی در اقوال و افعال و عبادات و رسوم و معاملات بوجهے مؤدب شوند و در اخلاق بوجهے مهذب گردند و در مقامات و ارادات بوجهے استقامت ورزند و در علوم و اعتقادات بوجهے رسوخ بدست آرند که در دنیا انتظام امر معاش و در آخرت بهبودی معاد ایشان بدست آید و باب معاملات مع الله بر روی ایشان مفتوح گردد لیکن مراعات جانب حسن معاد و معاملات مع الله در نظر ایشان ملحوظ ست بالذات و جانب انتظام معاش بالتبع پس چیزیکه نافع در معاش باشد و مضر در معاد لابد ایشان از آن امر مانع خواهند گردید و اگر بالعکس ست لابد به آن امر خواهند نمود چنانچه در حق خمر و قمار حق جل و علی می فرماید وَيَسْأَلُونَكَ عَنِ الْخَمْرِ وَالْمَيْسِرِ قُلْ فِيهِمَا إِثْمٌ كَبِيرٌ وَمَنَافِعُ لِلنَّاسِ وَإِثْمُهُمَا أَكْبَرُ مِنْ نَفْعِهِمَا وقال النبی صلعم إِنَّمَا الْخَمْرُ لَيْسَ بِدَوَاءٍ وَلَكِنَّهُ دَاءٌ

عارف اور اُنکے احوال و افعال اور حسن و قبح کا عالم اور اُنکی ترغیب و ترہیب کا واعظ شخص دیگر ہی جو کچھ اُنکے اوصاف تنبیہات ثلثہ میں مذکور ہوے تمام اُنکے کمالات کی شرح سمجھنا چاہیے اور جو کچھ دوسری تنبیہوں میں بیان کیا جائیگا سب شرح اُنکے تکمیل کی ہے **چوتھی تنبیہ میں ہدایت کی حقیقت کا ذکر ہی** معلوم کرنا چاہیے کہ ہدایت انبیاء علیہم السلام اُنکی سیادت کے اثر کا ظہور ہے جسکا تنبیہ اول میں ذکر ہوا اسلیے کہ سیادت اُن کی وساطت سے عبارت ہی کہ حق جل و علی اور اُسکے بندوں کے درمیان در باب وصول فیض غیبی واقع ہے اور ہدایت اُس فیض کے اثر کا ظہور ہے کہ اُنکے واسطہ سے مقبولین بارگاہ کو شامل ہی پس اس مقام میں غور فرمانا چاہیے کہ ہدایت اُنسے کس چیز اور کس طور سے صادر ہوتی ہے۔ لیکن اول پس بیان اُسکا یہ ہے کہ اصل مقصود انبیاء علیہم السلام کی پیغمبری سے یہی ہے کہ بندگان خدا تمام اقوال اور افعال اور عادات اور عبادات اور رسوم اور معاملات میں ایسے طور پر مؤدب ہوں اور اخلاق اور اعمال میں ایسے وجہ پر مہذب ہوں اور مقامات اور واردات میں اس طریق پر استقامت اور استقلال اختیار کریں اور علوم اور اعتقادات میں اس نہج پر رسوخ اور متانت کو کام میں لائیں کہ دنیا میں امر معاش کا انتظام اور آخرت میں بہبودی معاد کا سرانجام انکو حاصل ہووے اور معاملات مع اللہ کا دروازہ اُنکے واسطے کھل جاوے مگر حسن معاد اور معاملات مع اللہ کی جانب داری اور مراعات اُنکی نظر میں ملحوظ بالذات ہے اور معاش کی انتظام کی جانب کا لحاظ بالتبع تو جو چیز کہ اُنکے نزدیک نافع معاش اور ضرر رسانندہ معاد ہو لابد اُس سے بندگان خدا کو بچائینگے اور اگر اُسکے عکس ہے تو ضرور اُنکو اُس کی طرف بلائینگے چنانچہ شراب خواری اور قمار بازی کے بارہ میں اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے (ترجمہ) اور دریافت کرتے ہیں تجھسے شراب اور جوے بازی کو کہہ ان دونوں میں بڑا گناہ ہے اور نفع بھی ہیں لوگوں کے اور گناہ بہت بڑا ہے ان دونوں کے نفع سے۔ اور فرمایا رسول اللہ صلعم نے (ترجمہ) کہ شراب دوا تو نہیں البتہ بیماری تو ہے۔

در ورطۂ ضلالت گمراہی نہایت دل تنگ می شوند و انواع رنج و ملال دامنگیر حال طہارت اشتمال آنہا میگردد وکہ باوجود نزول کریمہ لَعَلَّكَ بَاخِعٌ نَّفْسَكَ اَلَّا يَكُوْنُوْا مُؤْمِنِيْنَ وکریمہ اِنَّمَآ اَنْتَ مُذَكِّرٌ لَّسْتَ عَلَيْهِمْ بِمُصَيْطِرٍ ہرگز ہمت ایشان فتورے و در سعی ایشان قصورے راہ نمی یابد چہ قدر انواع رنج و ملال ست کہ در مقدمۂ دعوت قوم بر ذات خود نہ پسندیدہ اند و باوجود این کشاکش گاہے ازین امر رنجیدہ سخن گران ہر کس و ناکس را چہ سبک بر داشتہ اند و دشنام سخت نزدیک و دور را چہ سہل انگاشتہ کَافَاهُمُ اللّٰهُ عَلٰى ذٰلِكَ اَحْسَنَ الْمُكَافَاتِ وَجَازَاهُمُ اللّٰهُ عَلٰى ذٰلِكَ اَحْسَنَ الْمُجَازَاتِ پس القاے این رحمت ہمین ست حقیقت بعثت و نیز باید دانست کہ در بعضے اوقات بعضے از اہل کشف و علم ہم حسن و قبح بعضے اقوال و افعال یا بعضے رسوم و عادات کہ درمیان قومے جاری و ساری ست بنور وہبی و استدلال کسبی مطلع می شوند و قوم مذکور را بنابر شفقت و رحمت بران آگاہ می فرمایند و بسوے امور مستحسنہ ترغیب میدہند و از امور مستقبحہ ترہیب از ین قدر ثابت نمی شود کہ ایشان بمنصب بعثت رسیدہ اند بلکہ منصب مذکور ہمون وقت ثابت خواہد گردید کہ خدمت تعلیم و تادیب و ترغیب و ترہیب بایشان مفوض خواہد شد مثلاً ہر کہ از بار یابان حضور بادشاہی می باشد لابد آفرین و نفرین او را کہ بنسبت بعضے رعایا صادر می شود بگوش خود می شنود و دوستان خود را بطریق خیر خواہی ہر گرا آگاہ می سازد فاما درین قدر او را محتسب شہر نتوان گفت بلکہ باین لقب ہمان وقت ملقب خواہد گردید کہ بمنصب تفویض خدمت احتساب خواہد رسید پس شخص مبعوث برائے تربیت جماعہ دیگرست عارف مقبولیت

اور گمراہی سے نہایت دل تنگ اور پُر ملال ہوتے ہیں اور اقسام اقسام کے رنج والم اُن کے لاحق حال ہوتے ہیں اور باوجود نزول کریمہ (ترجمہ شاید تو گھونٹ مارے اپنی جان اسپر کہ وہ یقین نہیں کرتے) اور (ترجمہ سوائے اسکے نہیں کہ تو سمجھانے والا ہی نہیں ہے تو اوپر اُنکے داروغہ) ہرگز ہرگز اُنکی ہمت میں کسی طرح کا فتور اور اُنکی سعی میں کسی نوع کا قصور راہ نہیں پاتا ہے کیا کچھ رنج و ملال قوم کی دعوت اور ہدایت کے بارہ میں اپنی ذات پر گوارا نہیں فرمائے اور باوجود اس کشاکش کے کبھی اس راہ سے رنجیدہ ہوکر قدم نہیں اُٹھاتے ہر کس و ناکس کی بھاری بات کو کیا کچھ ہلکی جانتے ہیں اور دشنام سخت نزدیک و دور کو کیا سہل پہچانتے ہیں۔ (ترجمہ بدلا دے اُنکو اللہ تعالیٰ اسپر اچھے بدلے اور جزا دے اُنکو اللہ اسپر اچھی جزائیں) پس انبیاء علیہم السلام کو اس رحمت اور شفقت کا القا ہونا یہی حقیقت بعثت ہے اور یہ بھی واضح ہو کہ بعض اہل کشف و علم بھی بعض اقوال و افعال اور بعض رسوم و عادات کی بُرائی اور بھلائی جو ایک قوم میں جاری اور ساری ہیں بہ نور وہبی اور استدلال کسبی کے ساتھ مطلع ہوتے ہیں اور قوم مذکور کو بوجہ شفقت و رحمت اسپر آگاہ فرماتے ہیں اور اچھی باتوں کی رغبت دلاتے ہیں اور بُری باتوں سے ڈراتے ہیں اس امر سے ثابت نہیں ہوتا ہے کہ وہ منصب نبوت پر پہنچے ہیں بلکہ منصب مذکورہ اسی وقت ثابت ہوگا جب تادیب و تعلیم اور ترغیب و ترہیب کی خدمت اُن کو سونپی جائیگی مثلاً جو کوئی مقربان حضور بادشاہی سے ہوتا ہی بالضرور بادشاہ کی آفرین اور نفرین جو بعض رعایا کی نسبت صادر ہوتی ہی اپنے کانوں سے سنتا ہے اور اپنے دوستوں کو بطور خیر خواہی اس پر مطلع کرتا ہے لیکن اتنی بات میں اسکو محتسب شہر نہیں کہہ سکتے بلکہ اس لقب کے ساتھ اسی وقت ملقب ہوگا کہ جب احتساب کی خدمت کا منصب اُنکو عنایت ہوگا پس شخص مبعوث بندگان خدا کی تربیت کے واسطے اور ہی اور اُنکی مردودیت و مقبولیت کا

چه قدر باریک می شود آیا بجد دانه خردل می شود یا خُرد تر از ان و بشهد آمیختن چگونه می شود به سر انگشت باید آمیخت یا به انگشتِ شهادت بالجمله امثال این گفتگو در نظر طبیب محض پریشانی ست و در پی اش افتادن در حق مریض سراسر نادانی همچنین تحقیق بے حاصل و تدقیق لاطائل در علم احکام اخلاق در حق طالبین حق محض آوارگی ست بلکه سراسر دیوانگی کسی که حق جل و علی او را بحکمتِ بالغه خود بمنصب هدایت عموم ناس قائم فرموده باشد طور امثال این جل و قال از و سراسر متعذر و محال ست این مقام را بخوبی غور باید فرمود و در میان هادیانِ راه حق و نائبانِ حکیم مطلق و در میان فضیلت نمایان سخن ساز و چرب زبانان حیله باز بخوبی امتیاز باید نمود اما آنکه از انبیاء علیهم السلام بچه طریق هدایت صادر می شود پس بیانش آنکه اکثر به پنج طریق صادر می شود نزولِ برکت و عقدِ همت و فیضِ صحبت و خرقِ عادت و اظهار دعوت اما نزولِ برکت پس بیانش آنکه وجود با جود انبیاء علیهم السلام مشابه آفتاب عالمتاب است که چون نور او در تمام عالم منتشر شود لابد ظلمت شبینه بدر رود و انچه در محاذات آفتاب بے حجاب واقع ست بتابش او تابناک ست و از همه مراتب ظلمت پاک و انچه اندرون خانه از و محجوب ست هرچند از نفس نور او محروم ست اما تاریکی شب تار از و معدوم چه نور لطیف او در رگ و ریشه تاریکی در رسیده و او را از حد ظلمت محض بر کشیده اگرچه خانه بے در ست از تاریکی تا سراسر رسته یا مشابه موسم برشگال باید فهمید که چون موسم مذکور بر سر رسید قوتے در نباتات پیدا گردید انچه ابر بیزان بر و بارید گلهائے زنگارنگ بر آورد و سبزه الا از نفس رطوبت هوا لابد حالش متغیر گردید و سبزی و تازگی در وی پدید آمد و در سنگ سخت هیچ گل و خار

کس قدر باریک ہوتے ہیں آیا رائی کے دانے کی مقدار ہوتے ہیں یا اس سے بہت چھوٹی اور شہد میں کیونکر ملانی چاہییں انگوٹھے سے ملانا چاہیے یا انگشتِ شہادت سے الغرض اس قسم کی گفتگو طبیب کی نظر میں محض پریشانی ہی اور اسکے پیچھے پڑنا بیمار کے حق میں سراسر نادانی ہی اسی طرح تحقیق بیحاصل اور تدقیق لاطائل علم احکام اور اخلاق میں طالبین حق کے حق میں محض آوارگی بلکہ سراسر دیوانگی ہی جس کسی کو حق جل و علی نے اپنی حکمت بالغہ اور حجت تامہ سے منصب ہدایت پر لوگوں کی رہنمائی کے واسطے قائم فرمایا ہو اس قسم کی جل و قال اسکی ذات سے سراسر متعذر اور محال ہی اس مقام کو بخوبی غور فرمانا چاہیے کہ ہادیانِ راہ حق اور نائبانِ حکیم مطلق اور فضیلت نمایان سخن ساز و چرب زبانانِ حیلہ ساز کے درمیان فرق زمین و آسمان ہی اور اس بات کا پہچاننا کہ انبیاء علیہم السلام سے ہدایت کس طور پر صادر ہوتی ہی اسکا بیان یہ ہی کہ انسے ہدایت اکثر پانچ طریق پر صادر ہوتی ہی اول نزول برکت دوم عقد ہمت سوم فیض صحبت چہارم خرق عادت (معجزہ دکھانا) پنجم اظہار دعوت۔ نزول برکت کا یہ بیان ہی کہ حضرت انبیاء علیہم السلام کا وجود سراپا جود آفتاب عالمتاب کے مشابہ ہی کہ جس وقت اسکا نور تمام عالم میں منتشر ہوتا ہی بالضرور رات کی سیاہی اور تاریکی بالکل جاتی رہتی ہی اور جو چیز آفتاب کے محاذات (مقابل) میں بے حجاب واقع ہی اسکی تابش او روشنی سے روشن تابناک ہو جاتی ہی اور تمام ظلمت (سیاہی) اور تاریکی سے پاک اور جو کچھ اندرون خانہ اس سے محجوب ہے ہرچند عین نور سے محروم ہی لیکن تاریکی شب تار اس سے معدوم ہی اسلیے کہ اسکا نور لطیف تمام رگ و ریشہ تاریکی میں جاری و ساری ہوا اور ظلمت محض کی تاریکی سے اسکو نکالا اگر خانہ بے در ہی تاریکی شب تار سے سراسر بری ہی یا اسکی ذات بابرکات کو موسم برشگال کے مشابہ خیال کرنا چاہیے جب موسم مذکور عالم میں پیدا ہوا نباتات میں ہر طرح کی قوت اندرونی پیدا ہوا اگر باران رحمت الہی نے اسپر نزول فرمایا گلہائے رنگارنگ نے ہر طرح کا جلوہ دکھایا اور نہ محض رطوبت ہوا سے اسکا حال متغیر ہوتا ہے سبزی اور تازگی کا نہیں اثر ہوتا ہی ہاں سنگ سخت میں کسی گل اور خار سے

مقصود ازین کلام ہدایت التیام ابطال تاثیرات طیبۂ خمر نیست
مقصود ازان ضرر اوست در معاد پس گویا حاصل کلام چنین باشد
کہ خمر ہر چند دوائے جسمانی ست اما دولے روحانی وقتیکہ بہ
نسبت روح انسانی مرض مہلک ست پس او را در امراض باید شمرد
نہ در ادویہ بالجملہ انبیاء اللہ بہ ہمین سہ فن ہدایت میفرمایند۔ فن
عقاید۔ و فن احکام۔ و فن اخلاق۔ و فن فضائل اکابر دین از
شعب فن عقائد ست و فن فضائل اعمال از شعب فن احکام
و فن مقامات و ارادات از شعب فن اخلاق پس فن عقائد
را بہ لفظ ایمان تعبیر می فرمایند و فن احکام را بہ اسلام و فن اخلاق را
بہ احسان چہ ہمین ہر سہ امر در معاد کار آمدنی ست نہ بہ فن حقائق
تصوف و نہ دقائق تفلسف و نہ بہ اشارات دقیقہ شناسان تعمق
اندیش و بکنایات چرب زبانان تکلف کیش بلکہ در امثال این
امور سادگی را می ستایند و طلب آن را از جملہ آوارگی می شمارند
و فن تاریخ و شعر را از جنس افسانہ ہائے بے مغز می دانند اگرچہ
بطریق تمثیل گاہے دران سخن می رانند بالجملہ حال ایشان در
تربیت روحانی مثل حال طبیب ست در معالجہ جسمانی کہ
صلاح مریض اینش منظر ہمت میدارد و گفتگوے زائد را
از جنس لغو می شمارد مثلاً کدام مریض اگر استعمال سنا می فرماید
ہمین قدر بیان می نماید کہ برگ سنا چنین و چنان می باشد
او را کوفتہ و بیختہ با قدرے عسل آمیختہ باید خورد نہ آنکہ سنا در کدام
مقام پیدا می شود و در کدام موسم برگ می برآرد و تاجران
ادویہ او را چگونہ می آرند و در کدام ظرف او را می گذارند و
از کدام راہ می آرند و بیع و شرائے چگونہ می نمایند و نہ آنکہ عسل
در خانۂ مگس چگونہ پیدا می شود و رنگ و بوئے نباتات مختلفہ کہ
اصل عسل است کجا می رود و اجزائے سنا بسبب کوفتن و بیختن

الحاصل اس کلام ہدایت التیام سے شراب کی تاثیرات طیبہ کا
ابطال مقصود نہیں بلکہ آخرت میں اسکا ضرر اور نقصان اس سے
مراد ہے گویا حاصل کلام یہ ہے کہ شراب باہر چند دوائے جسمانی ہے لیکن
مرض روحانی ہے اور جسصورت میں بہ نسبت روح انسانی مرض مہلکہ مہلکات سے ہے تو اسکو
امراض سے شمار کرنا چاہیے نہ ادویہ میں اختیار کرنا چاہیے بالجملہ
حضرات انبیاء علی نبینا و علیہم السلام انھیں تین فن کی ہدایت
فرماتے ہیں اول فن عقائد دوم فن احکام سوم فن اخلاق
بزرگان دین کے فضائل کا فن عقائد کے فن کا شعبہ ہے
اور اعمال کے فضائل کا فن احکام کے فن کی شاخ ہے اور
ارادات و مقامات کا فن فن اخلاق کی فرع ہے پس فن عقائد
کو بلفظ ایمان تعبیر فرماتے ہیں اور فن احکام اسلام کا نام ہے
اور فن اخلاق احسان سے عبارت ہے اسلیے کہ یہی تین امر
آخرت میں کام آنے والے ہیں۔ نہ یہ تصوف کے حقائق اور
تفلسف کے دقائق کے علوم اور دقیقہ شناسان تعمق
اندیش کے اشارات اور چرب زبانان تکلف کیش کے کنایات
کے فنون سو انکی ہدایت سے انکو بحث نہیں بلکہ ایسے امور
میں سادگی پسند فرماتے ہیں اور اسکی طلب کو منجملہ آوارگی شمار میں لاتے
ہیں اور فن تاریخ اور شعر کو فسانہائے بے مغز یعنی قصہ کہانی کے جنس سے سمجھتے
ہیں اگرچہ بطور تمثیل کبھی اسمیں کلام کرنا برا نہیں جانتے ہیں بالجملہ تربیت
روحانی میں انکا حال طبیعت کے حال کے مشابہ ہے معالجہ جسمانی
میں کہ مریض اصلاح اسکو ہر وقت منظور نظر رہتی ہے اور گفتگوے زائد
کو لغو جانتا ہے مثلاً کسی بیمار کو اگر سنا کے استعمال کا حکم کرتا ہے تو اسی قدر
بیان کرتا ہے کہ برگ سنا ایسی و ایسی ہے اسکو کوٹ چھان کسی قدر شہد
ملا کر کھلانا چاہیے اور اس سے اسکو بحث نہیں کہ سنا کہاں پیدا ہوتی ہے اور
کس موسم میں اسمیں پتے آتے ہیں اور تاجران ادویہ اسکو کیونکر لاتے ہیں اور کس برتن
میں اسکو رکھتے ہیں اور کس راستے سے لاتے ہیں اور اسکی خرید و فروخت
کس طور پر کرتے ہیں اور اس سے بھی انکو غرض نہیں کہ شہد کس حال میں کیونکر
پیدا ہوتا ہے اور نباتات مختلفہ کی رنگ و بو جس سے شہد پیدا ہوتا ہے
کہاں جاتی ہے اور اجزائے سنا کوٹنے چھاننے کے باعث

تعبیر می فرمایند۔ قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم ان
الامانۃ نزلت فی جذر قلوب الرجال ثم علموا
من الکتاب ثم علموا من السنۃ و کلام حق ہموں شخص را نافع
می شود کہ اول ہمین برکت در دل او فرود و قال
اللہ تعالیٰ و تبارک اِنَّمَا تُنْذِرُ مَنِ اتَّبَعَ الذِّكْرَ وَخَشِيَ
الرَّحْمٰنَ بِالْغَيْبِ وقال اللہ تعالیٰ فَذَكِّرْ اِنْ نَّفَعَتِ
الذِّكْرٰى سَيَذَّكَّرُ مَنْ يَّخْشٰى پس ہمین برکت را درین
ہر دو کریمہ بلفظ خشیت تعبیر فرمودہ اند اما عقد ہمت پس
بیانش آنکہ این کمال را ظاہرست و حقیقت اما ظاہرش
پس ہمین ست آنچہ از انبیاء علیہم السلام در بارۂ ہدایت
قوم خود از جنس دعا و التجا بحضور حضرت رب العزۃ والکبریاء
جلت عظمتہ صادر می گردد عموماً یا خصوصاً یعنی در حق
جمیع امت علی سبیل العموم یا در حق بعضے از ایشان
بر سبیل خصوص و اما حقیقتش پس توجہ قلبی ست ممزوج بکمال
رغبت بسوے ہدایت امت عموماً یا خصوصاً و آن اثر
شفقت غیبیہ ست کہ سابق در بیان مقام بعثت مذکور
گردید پس چنانکہ ہمت پدر مشفق بہ اصلاح پسر خود دائما
مصروف می باشد ہمچنین ہمت این کبار بہ اصلاح جمیع
ابرار و اخیار دائما مبذول می ماند و این دعاے حالی ست
کہ دائما لازمہ ذات ایشان ست پس گویا تمام وجود باجود
ایشان دعائی ست مجسم ہمین دعاے حالی گاہ گاہ بدعاے
مقالی ہم ایشان را می کشد و انواع التجا و دعا از ایشان
بظہور میرسد و این دعاے روحانی بسبب باعث انتشار
ہدایت در قلوب امت می شود اول آنکہ این دعا ست
از شخص ذی اختصاص بکمال صدق و اخلاص سر بر زدہ

بولتے ہیں۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا (ترجمہ تحقیق نازل ہوئی
امانت جڑ میں قلوب رجال میں پھر وہ معلوم کر لیتے ہیں قرآن سے پھر وہ معلوم
کر لیتے ہیں حدیث سے) اور کلام حق اُسی شخص کو نفع دیتا ہے
کہ اول سے یہی برکت دل میں اُس کے آوے اور فرمایا
اللہ تبارک و تعالیٰ نے (ترجمہ) تو اُسکو ڈر سناوے کہ
سمجھانے پر چلے اور ڈرے رحمان سے بن دیکھے۔
اور فرمایا اللہ تعالیٰ نے (ترجمہ) پس تو سمجھا اگر کام کرے
سمجھانا تیرا شتاب سمجھ جائیگا جسکو ڈر ہوگا۔ پس ایسی
برکت کو ان دونوں آیت کریمہ میں بلفظ خشیت تعبیر
فرمایا ہے رہی عقد ہمت اُس کا بیان یہ ہے کہ اس
کمال کے واسطے ایک ظاہر ہے اور ایک حقیقت
سو جو کچھ انبیاء علیہم السلام سے قوم کی ہدایت کے
بارہ میں از جنس دعا و التجا حضور حضرت رب العزت
والکبریا میں عموماً یا خصوصاً صادر ہوتا ہے۔ یہ اس
کمال کا ظاہر ہے اور اس کی حقیقت آن کی توجہ
قلبی ہے کہ کمال رغبت کے ساتھ عموماً یا خصوصاً
اُمت کی ہدایت کی طرف متوجہ ہیں اور یہ شفقت غیبیہ کا اثر ہے
کہ مقام بعثت میں مذکور ہوا سو جس طور پر کہ پدر مہربان کی
ہمت اصلاح پسر میں ہمیشہ مصروف رہتی ہے ایسے ہی ان حضرات
ہمیشہ اچھے اور برے لوگوں کی اصلاح اور درستی میں صرف ہمت
فرماتے ہیں اور یہ دعاے حالی ہے کہ کبھی اُنکی ذات بابرکات سے جدا
نہیں ہوتے گویا اُنکا تمام وجود باجود سراپا دعاے مجسم ہے اور
یہی دعاے حالی کبھی کبھی اُنکو دعاے مقالی کی طرف سے دامن کشاں
لاتی ہے نظر بر آں کمال درجہ کی دعا و نہایت درجہ کی التجا
اُنکی ذات قدسی صفات سے جلوہ ظہور دکھاتے ہیں اور یہ
دعاے روحانی تین وجہ سے قلوب امت میں ہدایت کے انتشار
اور ظہور کا باعث ہوتی ہے اول یہ ہے کہ یہ دعا ایک
شخص ذی اختصاص سے بکمال صدق و اخلاص ظاہر ہوتی ہے

نمی دیدہ از چوب خشک کسی برگ و باری جوید ہمچنین چون
این قدوسیان بشری لباس کردہ بیان الٰہی اساس از اوج
افلاک الافلاک بہ تیرہ دان این خاک نزول میفرمایند لابد یک
برکتے ہمراہ ایشان فرو آمدہ در قلوب افراد بنی آدم فرو میرود
خود بخود از دل ہر سعادتمند طلب حق جوش میزند و بگفتۂ ہر واعظ
گوش می نہد ہمت اعمال شاقہ در دل پیدا می گردد و عزم
کشیدن رنج و تکلیف در ذہن ہویدا می شود بسا علمای آن
زمانہ می باشند کہ علوم خود را مثل فسانہ می خوانند و آن را بر
سبیل افسون بر زبان می رانند ناگہان بحقیقت فہم خود
بیدار می شوند و بمقصد علم ہوشیار عمل را ضمیمۂ علم می کنند
و اخلاص را نتیجۂ فہم از تعمق سخن آرائی بیزار می شوند و از تکلف
انجمن پیرائی دست بردارند بسا زاہدان خلوت گزین و درویشان
چلہ نشین می باشند کہ ناگاہ بر مفاسد مکنونۂ خود آگاہ می شوند
و در صلاح نفس امارہ رو براہ و حب جاہ را پس پشت می اندازند
و رضاء اللہ را پیش نظر می سازند و تمامی نام و نشان درین راہ
می بازند و خود را مردانہ وار درین دریا می اندازند ہمچنین واعظان
چرب زبان می باشند کہ بر سر منبر فریاد می کنند و تمام کوشش خود
برباد میدہند کسی وعظ ایشان بخیال ہم نمی آرد و کلام ایشان
را بجوے نمی شمارد باز چون طلب حق از دل ہر کس و ناکس
جوش می زند ہر فرد کلام ایشان را بگوش ہوش می شنود و
ہر کلمۂ ایشان در دل مستمعان مثل تیرے می نشیند و ہر کس
ایشان را مثل ہیرے می بیند بالجملہ کلمۂ حق ہمراہ جوش ست
و بہر زبان در خروش و در ہر محفل ہمین قیل و قال ست و در ہر مجمع
ہمین بحث و جدال آرے ہر کہ شقی ازلی ست درین سعادت
محروم ست و بہر حال غرض ہم این انتشار برکت را بہ نزول امانت

ظہور نہ فرمایا اور چوب خشک سے کسی نے برگ و بار نہ پایا ایسے
طور پر جب یہ قدوسیان[91] بشری لباس اور کرکے بیان الٰہی اساس[92]
بلندی فلک الافلاک سے اس تیرہ دان خاک پر بحکم حضرت ذو الجلال
نزول اجلال فرماتے ہیں لابد ایک عظیم برکت انکے ہمراہ آتی ہے اور
بنی آدم کے دلوں میں انوار الٰہی پہنچاتی ہے جسکی وجہ سے ہر سعادتمند
کے دل میں طلب حق جوش زن ہوتی ہے اور ہر واعظ کے کلام
کی طرف گوش حق نیوش کی توجہ نے سخن ہوتی ہے اعمال شاقہ کا
قصد دل میں پیدا ہوتا ہے اور رنج و تکلیف اٹھانے کا عزم ذہن میں
ہویدا ہوتا ہے اس وقت بہت علماء زمانہ ہوتے ہیں کہ اپنے علوم کو افسانہ
جانتے ہیں اور اسکو بطور افسون زبان پر لاتے ہیں ناگہاں حقیقت فہم سے
بیدار ہوتے ہیں اور مقصد علم سے ہوشیار عمل کو علم کے ساتھ ملاتے
ہیں اور اخلاص کو فہم کا نتیجہ بناتے ہیں سخن آرائی کے خوض سے بیزار
ہوتے ہیں اور انجمن پیرائی کی تکلیف سے دست بردار اور بہت سے
زاہدان خلوت گزیں اور درویشان چلہ نشین کا یہ حال ہے کہ ناگاہ اپنے
مفاسد مکنونہ[93] اور عیوب پوشیدہ پر آگاہ ہوتے ہیں اور اصلاح اور درستی
نفس امارہ[94] میں سرگرم و براہ حب جاہ اور خواہش نفسانی کو پس پشت ڈالتے
ہیں اور رضاء مولیٰ کو پیش نظر رکھ کر بہت کچھ دل کے ارمان
نکالتے ہیں تمامی نام و نشان اس راہ میں لٹاتے ہیں اور اپنے تئیں مردانہ وار
اس دریاے ناپیدا کنار میں لاتے ہیں یہی واعظان چرب زبان میں کہ
بر سر منبر فریاد کرتے ہیں اور تمام کوشش برباد کرتے ہیں کوئی انکے وعظ کی
قدر نہیں پہچانتا انکے کلام کو خس کے برابر نہیں جانتا جس دم ہر کس و
ناکس کے دل میں طلب حق کا جوش ہو ہر فرد کلام گوہر بے بہا اور
در یکتا بگوش ہوش ہو اور ہر کلمہ سامعین کے دل میں مثل تیر
جا پاے اور ہر کوئی انکو ہیرے کی طرح خیال میں لائے بالجملہ کلمۂ حق ہر
دل میں جوشندہ ہے ہر محفل میں یہی قیل و قال ہے ہر مجمع میں یہی
بحث و جدال ہے ہاں جو کوئی شقی ازلی ہے اس سعادت سے محروم ہے
اور بہرحال ہم[95] اس انتشار اور ظہور برکت کو نزول امانت[96]

[91] فرشتے ۱۲ [92] بنیاد ۱۲ [93] چھپی ہوئی ۱۲ [94] سرکش ۱۲ [95] مقصود ۱۲ [96] ذمہ داری

وچون در ما سبق و ما لحق نظر کرده شود وحال متکلم وسامع ملحوظ داشته شود همان معنی از کلام مفهوم شود بالجمله همنشین عاقل را در مقدمات رئیس خود ملکهٔ اجتهاد البته حاصل می‌شود وطریق ثانی آنکه بسبب ملاحظه حال ایشان از علو همت درباب استقامت بر احکام رب العالمین ومسابقت از تابعان خود در اداے حقوق دین متین در دل این مستفید هم علو همت ووفور رغبت در اطاعت رب العزة جاے می‌شود وکلام وعظ وتذکیر ایشان در قلب او می‌رسد وشخصے که دیگران را بسوے یک امر دعوت می‌نماید وخود ابر آن اقدام نمی‌نماید پس سامعین هم کلام او را مثل افسانهٔ بے مغز می‌انگارند واز جنس مضامین شعریه می‌شمارند که إِنَّهُمْ يَقُولُونَ مَا لَا يَفْعَلُونَ کاشف حال ایشان ست ولهذا در قرآن حکیم بر واعظان بے عمل بغایت ملامت متوجه گردیده قال الله تبارک وتعالیٰ أَتَأْمُرُونَ النَّاسَ بِالْبِرِّ وَتَنْسَوْنَ أَنْفُسَكُمْ وَأَنْتُمْ تَتْلُونَ الْكِتَابَ أَفَلَا تَعْقِلُونَ وقال الله تعالیٰ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لِمَ تَقُولُونَ مَا لَا تَفْعَلُونَ كَبُرَ مَقْتًا عِنْدَ اللَّهِ أَنْ تَقُولُوا مَا لَا تَفْعَلُونَ زیرا که واعظ بے عمل سد راه طالب حق ست که بسبب مداهنت در عمل کلام حق را در نظر ایشان بے اعتبار می‌گرداند وچون هادی راه در عمل بنسبت اتباع خود مبادرت کرده ودر تحمل رنج وتکلیف بر ایشان مسابقت نمود لابد اتباع او هم بقدر استطاعت خود خواهند کوشید وعیب دون همتی خود را چاره ناچار به تکلف خواهند پوشید هرگاه که میر قافله پیش پیش خواهد رود پس کشان کشان در پے او خواهند دوید لهذا حق جل وعلیٰ اولا انبیاے خود را به امتثال امر خود مامور می‌فرماید بعد از ان دیگران را

مثل خضر علیہ السلام و ابدال و اوتاد و افراد اور بعضے ایک قوم خاص یا ایک شہر خاص یا ایک لشکر خاص کے ساتھ اختصاص رکھتے ہیں مثل اقطاب و نجباء و رقباء اور ان کو اہل خدمت کہتے ہیں پس قوم اول نائبان ملاء اعلیٰ ہے اور قوم ثانی نائبان مدبرات الامر ہے اور جیسا کہ کبھی ملائکہ مقربین کی دعاء عالیہ اور مقالیہ کے بارہ میں اختلاف واقع ہوتا ہے کہ ایک فرشتہ ایک قوم کا عروج چاہتا ہے اور دوسرا فرشتہ دوسری قوم کی ترقی کا طالب ہے اور ایک ایک چیز کو ترجیح دیتا ہے اور دوسرا دوسری چیز کو غلبہ دیتا ہے اور اسکو اختصام ملاء اعلیٰ کہتے ہیں۔ چنانچہ اللہ تبارک و تعالیٰ نے حکایۃً اپنے رسول کی طرف سے فرمایا ہے (ترجمہ مجھکو معلوم نہیں جب ملاء اعلیٰ جھگڑتے تھے) اور پھر حق جل و علا اپنی حکمت بالغہ سے کسی امر کو کہ مناسب مصلحت ہو جاری کرتا ہے اور کبھی دوسرے کی دعا کو درجہ اجابت پر پہنچاتا ہے فرمایا اللہ تعالیٰ نے (ترجمہ اور فرشتوں کو دیکھا تونے صفیں کیے ہوئے گرد عرش کے تسبیح کرتے ہیں ساتھ تعریف پروردگار کے اور فیصلہ کیا گیا انہیں اور کہا گیا سب تعریف اللہ ہی کو ہے جو رب ہے جہان والوں کا) ایسے ہی اہل خدمات کے دعاؤں اور انکی ہمتوں میں بھی تخالف واقع ہوتا ہے کہ ایک ایک لشکر کی فتحمندی اور فیروزی کا جویاں ہے اور دوسرا دوسرے لشکر کی نصرت اور مدد کا خواہاں ہے حکیم علی الاطلاق کبھی اسکی دعا کو قبول کرتا ہے اور کبھی اسکی چنانچہ فرمایا اللہ تعالیٰ نے (ترجمہ یہ اندازہ غالب جاننے والے کا ہے) اور جاننا چاہیے کہ یہ بزرگواران بارگاہ ہر چند اوصاف وجاہت اور مقامات ولایت میں حضرات انبیاء کے ساتھ کامل مشابہت رکھتے ہیں لیکن چونکہ ان کی نیابت کا منصب در باب ہدایت اور انکی خلافت کا مرتبہ در باب سیاست نہیں رکھتے نظر بر اں ائمہ کے لقب کے ساتھ ملقب نہ ہوئے

ربانی چنانکه حضرت خضر علیه السلام فرموده وَمَا فَعَلْتُهُ
عَنْ أَمْرِي پس همین افعال و اقوال که از سایر بنی آدم صادر
میگردد و در حق ایشان از جمله عادات شمرده میشود و در حق
این بزرگواران از جمله عبادات بالجمله اعمال این بزرگان
راجع میشود باصلاح حال عالم و ثمرهٔ اعمال دیگران راجع است
بایفاے لذات نفسانی همت موسی اندر وخت آتش بدر
سبز شد آن درخت اندر نار و شهوت حرص و صاحب دل
اینچنین آن و این چنین انگار و حال ایشان را بحال ملائکه
قیاس باید کرد قتل هزاران انبیاء و اولیاء که از حضرت
عزرائیل علیه السلام صادر میگردد چون بر طبق الهام ربانی است
سراسر سعادت است و قتل حضرت زکریا که از ظالم شقی سر بر
زد چون باقتضاے هواے نفسانی بود سراسر باعث شقاوت
و از بسکه حال ایشان مثل حال ملائکه است پس چنانکه
ملائکه الله دو قسم اند ملأ اعلی و مدبرات الامر اما ملأ اعلی پس
شان ایشان اطلاقی ست که باصلاح قومی خاص یا شهری خاص
اختصاص ندارد بلکه نظر ایشان متوجه ست باصلاح تمام عالم
و خدمت کافهٔ بنی آدم و اما مدبرات الامر هر یکے از
ایشان موکل ست بکارخانه معین و همت ایشان مصروف
است باصلاح همون کار و بار کسے از ایشان موکل
است بر کارخانهٔ ابر و میغ و کسے موکل ست بر ارحام
بنا بر تصویر صورت و کسے از ایشان موکل ست
بر حفاظت بنی آدم الی غیر ذلک و همچنین بعضے
ازین بزرگواران بنا بر اصلاح حال مطلق
بنی آدم مامور اند اختصاص به قومے از
اقوام یا بلدے از بلدان نمے دارند

ربانی کام فرماتے ہیں چنانچہ حضرت خضر علیہ السلام نے ایسے
ہی امور کی شان میں فرمایا ہے (ترجمہ اور میں نے خودبخود
نہیں کیا) پس یہی افعال اور اقوال کہ تمام بنی آدم سے
صادر ہوتے ہیں انکے حق میں از قبیل عبادات الحاصل
ان بزرگواروں کے اعمال کا مرجع اصلاح حال عالم ہے
اور دوسرے لوگوں کے اعمال کا ثمرہ لذات نفسانی ہیں (ترجمہ
موسی اندر وخت آتش در بر   سبز شد آن درخت اندر نار
شہوت حرص و صاحب دل   اینچنین آن و این چنین انگار
انکے حال کو ملائکہ کے حال پر قیاس کرنا چاہیے ہزاروں
انبیاء اور ہزاروں اولیاء کا قتل کہ حضرت عزرائیل علیہ السلام سے
صادر ہوتا ہے چونکہ موافق الہام ربانی ہے سراسر
سراسر سعادت ہے اور حضرت زکریا کا قتل کہ ظالم شقی سے
واقع ہوا چونکہ باقتضاے خواہش نفسانی تھا بالکل باعث
شقاوت ہے اور ازبسکہ انکا حال فرشتوں کے حال کے
مثل ہے پس جس طور پر کہ اللہ تعالی کے فرشتے دو قسم کے ہیں
ملأ اعلی اور مدبرات امر ملأ اعلی کا یہ حال ہے کہ ان کی
شان اطلاقی ہے یعنی کسی قوم خاص یا کسی شہر خاص کے
صلاح میں خصوصیت نہیں رکھتے بلکہ انکی نظر تمام عالم کی
اصلاح اور جملہ بنی آدم کی خدمت کی طرف متوجہ ہے اور
مدبرات امر کی یہ شان ہے کہ ہر ایک انمیں سے ایک کارخانہ
معین اور مخصوص پر موکل اور متعین ہے اور انکی ہمت اسی
کاروبار کی اصلاح میں مصروف ہے کوئی انمیں سے کارخانہ
ابر اور بادل پر موکل ہے اور کوئی صورت بنانے کے لیے
ارحام پر متعین ہے اور کوئی بنی آدم کی حفاظت پر متعین ہے
علی ہذا القیاس اللہ تعالی نے ہر ایک کو ہر کام کے واسطے
علیحدہ علیحدہ موکل کر رکھا ہے ایسے ہی بعض ان بزرگواروں
میں سے بنی آدم کے حال مطلق کی اصلاح کے واسطے مامور
ہیں کسی شہر یا کسی قوم کے ساتھ خصوصیت نہیں رکھتے

و وره فورِ رحمت و شفقت یگانۂ عصر بود و در ابواب ہدایت بابا ے وے بر قلت و کثرت ظہورِ ہدایت ہیچگونہ باعثِ سقوطِ ایشان در منصبِ خود نگردیده و ازین سبب ہیچ وجہ غبارِ منقصتہ بہ دامنِ پاکِ ایشان نرسیده بانکہ کلہم باہدیگر در منصبِ نبوت یکرنگ اند و در میزانِ رسالت ہمسنگ ہمچنین قیاس باید کرد کہ شانِ آئمہ ہم در بابِ قلت و کثرتِ انتشارِ ہدایت مختلف ست باوجودِ تماثلِ ایشان در منصبِ امامت قلتِ ظہورِ ہدایت از ایما ے باعثِ سقوطِ او از درجۂ علو و کمال یا انحطاطِ او در منصبِ امامت نمی تواند شد ہمین ائمہ اہلِ بیت اند کہ از جملہ ایشان امام جعفر صادق رضی کہ پیشوا ے عالم اند و رہنما ے بنی آدم و از جملہ ایشان جدِ امجدِ آنجناب حضرت سجاد اند کہ غیر از چندے اکابرِ اہلِ بیت کمتر کسے از ایشان مستفید گردیده پس بلحاظِ این تفاوت اثباتِ منصبِ امامت بہ یکے و سلبِ آن از دیگرے بشابہ اثباتِ نبوت جنابِ حبیب و کلیم ست و سلبِ آن از لوطؑ والعیاذ باللہ پس ازینجا امامت منقسم شد بامامتِ مشہوره و غیر مشہوره پس امامت فی الحقیقت از عطایا ے ربانی ست نہ از اصطلاحاتِ انسانی آرے اگر سعادتمندانِ اہلِ زمان از آن فیضیاب شوند آن امامت مشہوره باشد و الا غیر مشہوره درین مقام چند لطیفہ ایست کہ در ضمنِ چند نکتہ بیان باید کرد نکتۂ اول امامت ظلِ رسالت ست مبنا ے آن بر اظہار ست نہ بر اخفا بخلافِ سائرِ اربابِ ولایت یعنی چنانکہ ادعا ے منازل و جاہت و ادعا ے مقاماتِ ولایت و بیانِ معاملاتِ ربانی و کشفِ اسرارِ روحانی در حقِ اربابِ ولایت مظنۂ سلب و زوال ست ہمچنین در حقِ ایشان باعثِ ترقی و کمال انچہ از قسمِ کلماتِ فخریہ ائمہ ہدیٰ سر بر میزند مثل انچہ از حضرت امیر المومنین علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہ منقول ست

اور زیادتی رحمت اور شفقت میں یگانۂ عصر اور ابواب ہدایت میں یکساں سے مرتھا اور ظہورِ ہدایت کی قلت و کثرت انکے مرتبہ میں کسی طور پر خلل انداز نہوئی اور اس سبب سے کسی طرح کے نقصان کا غبار انکے دامن پاک تک نہ پہنچا اور کل منصبِ نبوت میں یکرنگ ہیں اور میزانِ عدالت میں ہم سنگ ایسے ہی قیاس کرنا چاہیے کہ شانِ ائمہ بھی انتشارِ ہدایت کی قلت و کثرت کے بارہ میں مختلف ہے حالانکہ منصبِ امامت میں انکو باہم تماثل حاصل ہے کسی امام سے ہدایت کا کم ظاہر ہونا منصبِ امامت میں درجہ علو و کمال سے اُسکے سقوط یا انحطاط کا باعث نہیں ہو سکتا یہی ائمہ اہلِ بیت ہیں کہ منجملہ اُنکے امام جعفر صادقؑ ہیں کہ پیشوائے عالم ہیں اور رہنمائے بنی آدم اور منجملہ اُنکے جدِ امجد آنجناب حضرت سجادؑ ہیں کہ سوائے چند اکابرِ اہلِ بیت کم لوگ اُنسے مستفید ہوے پس اس تفاوت اور فرق کے لحاظ سے ایک کے واسطے منصبِ امامت کا ثابت کرنا اور دوسرے سے اُسکا سلب کرنا ایسا ہے جیسا کہ جنابِ حبیبؐ اور حضرتِ کلیمؑ کے واسطے تو نبوت کا اثبات ہو اور حضرت لوط علیہ السلام سے اُسکا سلب ہو العیاذ باللہ پس اس جگہہ سے امامت کی دو قسمیں ہوئیں ایک امامتِ مشہورہ ہے دوسری غیر مشہورہ اس مقام میں چند لطیفے ہیں جو چند نکتوں کے ضمن میں بیان کیے جاتے ہیں نکتۂ اول امامت ظلِ رسالت ہے مبنا اسکا اظہار پر ہے نہ اخفا پر بخلاف جملہ اربابِ ولایت پس جس طور پر کہ منازلِ وجاہت کا دعویٰ اور مقامات کا ادعا اور معاملاتِ ربانی کا بیان اور اسرارِ روحانی کا اظہار اربابِ ولایت کے حق میں مظنہ سلب و زوال ہے ایسے ہی انکے حق میں باعثِ ترقی و کمال ہے جو کچھ کہ ائمہ ہدیٰ کے کلماتِ فخریہ مشہور ہیں جیسے حضرت امیر المومنین علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہ سے منقول ہے

تنبیہ ثانی در ذکر امامت باطنہ باید دانست کہ اصحاب امامت خفیہ از بسکہ ظلال ملائکہ مقربین اندنہ تمثال انبیاء مرسلین مامور برعایت نظام عالم اند نہ مبعوث بہدایت بنی آدم منصوب برائے خدمت شان تکوین اند نہ متبوع در احکام شرع متین بنا علیہ ملقب بلقب امام نگردیدند وبہ منصب بعثت نرسیدند وارباب امامت تامہ ملقب بہ خلیفہ راشد اند پس تبادر از مطلق لفظ امام صاحب منصب امامت باطنہ ست وبس بلکہ در کلام ملک علام ہم اکثر استعمال لفظ امام بر صاحب ہمین منصب ست۔ قال اللہ تبارک وتعالیٰ وَاِذِ ابْتَلٰى اِبْرٰهِيْمَ رَبُّهٗ بِكَلِمٰتٍ فَاَتَمَّهُنَّ قَالَ اِنِّيْ جَاعِلُكَ لِلنَّاسِ اِمَامًا ونیز ظاہرست کہ از حضرت خلیل علیہ السلام سیاست صورت نہ بستہ بلکہ انچہ آنجناب را بنسبت عموم ناس ثابت ست ہمین متبوعیت در اقسام ہدایت ست۔ قال اللہ تعالےٰ وَجَعَلْنَا مِنْهُمْ اَئِمَّةً يَّهْدُوْنَ بِاَمْرِنَا لَمَّا صَبَرُوْا وَكَانُوْا بِاٰيٰتِنَا يُوْقِنُوْنَ وقال اللہ تعالیٰ وَجَعَلْنٰهُمْ اَئِمَّةً يَّهْدُوْنَ بِاَمْرِنَا وَاَوْحَيْنَا اِلَيْهِمْ فِعْلَ الْخَيْرٰتِ وَاِقَامَ الصَّلٰوةِ وَاِيْتَآءَ الزَّكٰوةِ وَكَانُوْا لَنَا عٰبِدِيْنَ پس باید فہمید کہ ازانجا کہ ایشان تمثال انبیاء اند وحال انبیاء اللہ درباب انتشار ہدایت مختلف ست از بعضے انتشار ہدایت بوجہ اتم صورت بست مثل خاتم الانبیاء وکلیم اللہ علیہما السلام واز بعضے ایشان کمتر واز بعضے ایشان اقل قلیل مثل حضرت نوح علیہ السلام واز بعضے ایشان یک فردے از افراد بنی آدم ہم مہتدی نشدہ مثل حضرت لوط علیہ السلام پس چنانکہ ہر یک از ایشان در منازل وجاہت ومقامات ولایت فائق بود وبہ ارسال وبعثت لائق

تنبیہ ثانی ذکر امامت باطنہ میں معلوم کرنا چاہیے کہ اصحاب امامت خفیہ از بسکہ ملائکہ مقربین کے ظل اور سایہ ہیں نہ تمثال انبیاء مرسلین انتظام عالم کی رعایت کے ساتھ مامور ہیں بنی آدم کی ہدایت کے واسطے مبعوث نہیں مخلوق کی خدمت کے واسطے منصوب اور قائم ہیں احکام شرع متین میں متبوع نہیں بنابریں لقب امام انکے نام نہوا اور منصب بعثت پر نہ پہنچے اور ارباب امامت تامہ کو خلیفہ راشد کا لقب عطا ہوا پس مطلق لفظ امام سے صاحب منصب امامت باطنہ سمجھا جاتا ہے اور بس بلکہ کلام ملک علام میں بھی لفظ امام کا استعمال اکثر ایسے منصب والے پر ہے فرمایا اللہ تبارک وتعالیٰ نے (ترجمہ اور جب آزمایا ابراہیم ؑ کو اُسکے رب نے چند باتوں سے پس پورا کیا انکو فرمایا میں تجھکو لوگکا پیشوا کرونگا) اور یہ بھی ظاہر ہے کہ حضرت خلیل علیہ السلام سے سیاست ظاہر نہوئی بلکہ جو کچھ آنجناب کو نسبت عوام الناس ثابت ہے یہی متبوعیت اقسام ہدایت میں ہے۔ فرمایا اللہ تعالیٰ نے (ترجمہ اللہ تعالیٰ نے اور ہمنے اُنہیں سے امام بنائے ہیں کہ ہمارے حکم سے راہ بتاتے ہیں جب صبر کیا اُنھوں نے اور ہماری آیتوں پر یقین رکھتے ہیں) اور فرمایا اللہ تعالیٰ نے (ترجمہ اور ہمنے انکو امام بنایا ہمارے حکم سے راہ بتاتے ہیں اور حکم کیا ہے انکو اچھے کاموں اور قائم رکھنے نماز اور دینے زکوٰۃ کا اور وہ ہماری عبادت کرنے والے تھے) پس سمجھنا چاہیے از آنجا کہ یہ حضرات تمثال انبیاء ہیں اور حال انبیاء درباب انتشار ہدایت مختلف ہے بعضوں سے انتشار ہدایت بوجہ کامل ہوا مثل خاتم الانبیاء وکلیم اللہ علیہما السلام اور بعضوں سے کمتر اور بعضوں سے بہت ہی کم مثل حضرت نوح علیہ السلام اور بعضوں سے ایک فرد بھی افراد بنی آدم سے مسلمان نہوا مثل حضرت لوط علیہ السلام پس جس طور پر کہ ہر ایک انہیں سے منازل وجاہت اور مقامات ولایت میں فائق اور ارسال وبعثت میں لائق

از اوقات امام قائم گردیده و تعویق [illegible] ظهور
رسید لابد حجة الله بر جمیع اهل معصیت و فساد تمام
شده وقت انتقام الهی از ایشان [illegible] رسید پس
گویا که معاصی و آثام [illegible] عمده مقابله امام به اتمام
[illegible] و لا ریب پس چون انتقام می کشد و ازان جمله امور
[illegible] تجسس ایشان و طالب معرفت
ایشان. قال الله تعالی یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ
وَابْتَغُوْۤا اِلَیْهِ الْوَسِیْلَةَ مراد از وسیله شخصی ست که
اقرب الی الله باشد در منزلت. کما قال الله تعالی
اُولٰٓئِکَ الَّذِیْنَ یَدْعُوْنَ یَبْتَغُوْنَ اِلٰی رَبِّهِمُ الْوَسِیْلَةَ
اَیُّهُمْ اَقْرَبُ واقرب الی الله باعتبار منزلت
اول رسول ست بعد ازان امام که نائب اوست
قال النبی صلی الله علیه وسلم اِنَّ اَحَبَّ النَّاسِ اِلَی
اللّٰهِ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ وَاَقْرَبَهُمْ مَجْلِسًا اِمَامٌ عَادِلٌ قال النبی
علیه السلام مَنْ لَمْ یَعْرِفْ اِمَامَ زَمَانِهٖ
فَقَدْ مَاتَ مِیْتَةً جَاهِلِیَّةً و ازان جمله ایفاے
بعض مواعید ست که حق جل وعلا رسول خود
را بآن موعود فرموده پس بعض ازان را بدست
پیغمبر بمرتبه ایفا رسانیده و بعضے دیگر را از دست نائبان
تمام گردانید کما قال الله تعالی هُوَ الَّذِیْۤ اَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ
بِالْهُدٰی وَدِیْنِ الْحَقِّ لِیُظْهِرَهٗ عَلَی الدِّیْنِ کُلِّهٖ وظاهرست که ابتداے
ظهور دین در زمان پیغمبر صلعم بوقوع آمده و اتمام آن بدست حضرت
مهدی واقع خواهد گردید و همچنین ست هلاک کسری و قیصر و
تملک خزائن ایشان که آنجناب بآن موعود شده بودند
و ظهور آن از دست خلفاے راشدین واقع گردیده و از انجمله

کسی وقت میں امام قائم ہوا اور وہ آنکھ [illegible] اور پہنچی لا بد
حجت خدا تمام اہل معصیت اور جملہ اہل فساد پر تمام ہوئی اور وقت
انتقام الہی پہنچا پس گویا کہ معاصی اور گناہ امام کے [illegible]
اور مقابلہ کی وجہ سے کامل ہوتے ہیں اور لاریب [illegible]
انتقام کی طرف کھینچتے ہیں اور ازانجملہ انکی تلاش [illegible]
معرفت کی طلب میں بندوں کے واسطے [illegible] فرمایا
اللہ تعالی نے (ترجمہ اے ایمان والو اللہ تعالی سے ڈرو
اور اسکی طرف وسیلہ تلاش کرو) اور مراد وسیلہ سے وہ شخص ہے
کہ مرتبہ میں اقرب الی اللہ ہو۔ چنانچہ فرمایا اللہ تعالی نے
(ترجمہ یہی لوگ ہیں کہ پکارتے ہیں تلاش کرتے ہیں اپنے
پروردگار کے پاس سے کون زیادہ اُن کا قریب ہے)
اور اقرب الی اللہ باعتبار منزلت اول رسول ہے بعد
ازاں امام کہ نائب اسکا ہے۔ فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے
(ترجمہ لوگوں میں زیادہ محبوب اللہ تعالی کو قیامت کے دن
اور بہت نزدیک بیٹھنے والا امام منصف ہے) اور فرمایا
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے (ترجمہ جسنے اپنے زمانہ کے امام
کو نہ پہچانا مرا موت جہالت کی) اور ازانجملہ بعض وعدوں کا
ایفا اور پورا کرنا ہے کہ جناب باری نے اپنے رسول کو اسکے
ساتھ موعود فرمایا پس بعض کو انہیں سے پیغمبر کے ہاتھ سے
پورا کرایا اور بعض کو اسکے نائبوں کے ہاتھ سے مرتبہ ایفا پر
پہنچایا چنانچہ فرمایا اللہ تعالی نے (ترجمہ وہ وہ ذات ہے جسنے
بھیجا رسول اپنا ہدایت اور دین حق لیکر تو کہ غلبہ دیوے
سب دینوں پر) اور ظاہر ہے کہ ابتداے ظہور دین زمانہ پیغمبر
صلی اللہ علیہ وسلم میں واقع ہوا اور اتمام اسکا حضرت مہدی
علیہ السلام کے ہاتھ سے وقوع میں آئیگا اور ایسے ہی کسری اور
قیصر کا ہلاک ہونا اور انکے خزانوں کا مالک ہونا ہے کہ اللہ تعالی
نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے اسکا وعدہ فرمایا تھا اور
ظہور اسکا خلفاء راشدین کے ہاتھ سے واقع ہوا اور ازانجملہ

أَنَا الصِّدِّيقُ الْأَكْبَرُ لَا يَقُولُهَا بَعْدِي إِلَّا كَذَّابٌ
وَأَنَا الْقُرْآنُ النَّاطِقُ وآنچه از سید الشهداء در معرکهٔ کربلا
از اشعار مفاخرت مروی ست وهمچنین از سائر ائمه
اہل بیت وسیدی عبد القادر جیلانی و دیگر ائمه ہدی
این کلمات را از قبیل تحدیث بنعمة الله وتشبث برحمة
الله باید شمرد نه از جنس ہرزه سرائی وخودستائی
بیت کار پاکان را قیاس از خود مگیر گرچه ماند
در نوشتن شیر وشیر نکتهٔ ثانی امام نائب رسول
است آنچه سنت الله در بندگان خود بواسطهٔ انبیاء
ورسل جاری فرمود ہمان سنت بواسطهٔ ائمه ہم
جاری می فرماید واز آن جمله اتمام حجت ست به بعثت
ایشان یعنی تا وقتی که بعثت رسول متحقق نمی شود و
جحود وانکار ایشان در اشقیا سر بر نمی زند انتقام
ملک علام بنسبت اہل معاصی وآثام متحقق نمیگردد وقال الله
تبارک وتعالی وَمَا كُنَّا مُعَذِّبِينَ حَتَّى نَبْعَثَ رَسُولًا
واین اتمام حجت به بعثت ائمه ہم ثابت میگردد
قال الله تعالی وَاضْرِبْ لَهُمْ مَثَلًا أَصْحَابَ
الْقَرْيَةِ إِذْ جَاءَهَا الْمُرْسَلُونَ الی آخر القصة مراد از این
قریه انطاکیه ست که حواریین حضرت روح الله بسوی
ایشان مبعوث شده بودند وآخر الامر اہل انطاکیه
با ایشان بجحود وانکار پیش آمدند ودر انتقام ملک علام
گرفتار گردیدند۔ وقال الله تعالی فیه ایضاً وَمَا أَنْزَلْنَا
عَلَى قَوْمِهِ مِنْ بَعْدِهِ مِنْ جُنْدٍ مِنَ السَّمَاءِ وَمَا كُنَّا
مُنْزِلِينَ إِنْ كَانَتْ إِلَّا صَيْحَةً وَاحِدَةً فَإِذَا هُمْ خَامِدُونَ
پس این معنی بالیقین باید فهمید که چون در وقتی

(ترجمہ میں ہی صدیق اکبر ہوں نہیں کہیگا اسکو میرے بعد مگر
جھوٹا اور میں ہی ہوں قرآن ناطق ہوں) اور حضرت
سید الشہداء سے معرکۂ کربلا میں اشعار فخریہ مروی ہیں اور
تمام ائمہ اہل بیت اور سیدی عبد القادر جیلانی اور دیگر ائمہ
ہدیٰ سے بھی اس قسم کے کلمات صادر ہوئے ہیں سو ازقبیل
تحدیث بنعمة الله وتشبث برحمة الله معلوم کرنا چاہیے یعنی
الله تعالی کے اظہار نعمت اور تمسک برحمت پر ایسے کلموں کا
انکی زبان پر اجرا ہوتا ہے انکو ہرزہ سرائی اور خودستائی کی
جنس سے نہ خیال کرنا چاہیے بیت کار پاکاں را قیاس از
خود مگیر گرچہ ماند در نوشتن شیر وشیر نکتہ ثانی امام نائب
رسول ہے جو کچھ طریقہ اللہ تعالی نے اپنے بندوں میں نبیا
اور رسولوں کے واسطے سے جاری فرمایا اسی طریقہ کو اماموں
کے واسطے سے بھی جاری فرماتا ہے اور از انجملہ انکے بعثت کے
ساتھ اتمام حجت ہے یعنی تا وقتیکہ بعثت رسول متحقق نہیں ہوتی
ہے اور جحود اور انکار انکا بدبختوں میں ظاہر نہیں ہوتا ہے اللہ تعالیٰ
ملک علام کا انتقام اہل معاصی اور آثام کی نسبت ثابت
نہیں ہوتا ہے فرمایا اللہ تبارک وتعالی نے (ترجمہ ہم عذاب
نہیں کرتے جب تک رسول نہ بھیجیں) اور یہ اتمام حجت
اماموں کی بعثت کے ساتھ بھی ثابت ہوتی ہے چنانچہ اللہ
تعالی فرماتا ہے (ترجمہ اور انکو مثال سنا گاؤں والوں کی
جب آئے انکے پاس رسول۔ آخر قصہ تک) مراد اس قریہ
سے انطاکیہ ہے کہ حواریین حضرت روح اللہ انکی طرف مبعوث
ہوئی تھی اور آخر الامر اہل انطاکیہ انکے ساتھ جحود اور انکار
سے پیش آئے اور حضرت ملک علام کے انتقام میں گرفتار
ہوئے اور اللہ تعالی نے اسکے بارہ میں یہی فرمایا (ترجمہ
اور ہمنے اسکی قوم پر اسکے بعد آسمان سے کوئی لشکر نہیں اتارا
اور نہ اتاریں نہیں ہے وہ مگر ایک آواز پس وہ بجھے ہوئے
ہیں) پس یہ معنے بالیقین سمجھنا چاہیے کہ جو منجملہ اوقات

وسائر اکابر امت و اعاظم ملت بمنزلہ ملازمان خدمتگذار اند و
فدویان جان نثار پس چنانکہ تمام اکابر سلطنت و ارکان مملکت را
تعظیم شاہزادہ والا قدر ضروریست و توسل با و واجب و از
خود با و علامت نمکحرامی ست و اظہار مفاخرت برو امارت
بدانجامی ہمچنین تواضع و تذلل ہر صاحب کمال بحضور او باعث
سعادت دارین ست و شمردن علم و کمال خود روبروے او جا
شقاوت نشاتین یگانگی با او یگانگی ست با رسول و بیگانگی از و
بیگانگی ست از رسول خصوصاً درین مقام کہ منصب نیابت
پیغمبر ہم از جانب حکیم علی الاطلاق با و مفوض گردید پس حالش
در ضمن این تمثیل باید فہمید کہ از مقربان بادشاہی امیرے
باشد بنیابت جلیل القدر مقرب درمیان حضار دربار مامور
بر خدمات عمدہ قائم بر مناصب عالیہ و او را فرزندے باشد نیابت
سعید شائستہ حضور بادشاہی و قابل تفویض خدمات و لیاقت و ہنر
پدر خود و ہمراہ پدر خود آمد و رفت ببارگاہ بادشاہی میدارد و عزت
و اعتبار در نگاہ بادشاہ و در حضار آن بارگاہ بادشاہی بحدے بدست
آوردہ کہ منصب نیابت پدر خود با و از حضور سلطانی مفوض گردیدہ
پس اگر کسے از رفقاے پدر او با او راہ مساوات خواہد پیمود و در
منصب خود و مقابلہ و تفاخر خواہد نمود ہم نمکحرامی بنسبت آقاے خود
کہ آن امیر کبیر ست با و عائد خواہد شد و ہم عتاب سلطانی برو متوجہ
خواہد گردید ہمچنین سرکشی و روتابی از امام وقت گستاخی ست
بنسبت او و مساوات او ست بنسبت رسول و اعتراض
مخفی ست بر حکیم علی الاطلاق کہ این چنین شخص ناقص را
منصب نیابت آنچنان شخص کامل عطا فرمود و بالجملہ تقرب
الی اللہ بترک توسل ایشان خیالیست باختلال و وہمیست سراسر
باطل و محالیست بے عنایات حق و خاصان حق را

اور تمام بزرگان ملت و امت بمنزلہ ملازمان خدمتگذار اور فدویان
جاں نثار ہیں پس جس طور پر کہ تمام اکابر سلطنت اور ارکان مملکت کو
تعظیم شاہزادہ والا قدر کی ضروری ہے اور توسل اُسکے ساتھ
واجب ہے اور اُسکے ساتھ مقابلہ نمکحرامی کی علامت ہے
اور اُسپر اظہار مفاخرت بدانجامی کی نشانی ہے ایسی ہی تواضع
اور تذلل ہر صاحب کمال کے حضور میں باعث سعادت دارین ہے
اور اُسکے روبرو اپنے علم و کمال کا گننا باعث شقاوت نشاتین ہے
اور اُسکی یگانگی رسول کی یگانگی ہے اور اُس سے بیگانگی
رسول کی بیگانگی ہے خصوصاً اس مقام میں کہ پیغمبر کی نیابت کا
منصب بھی اللہ تعالی کی طرف سے اُسکو عطا ہوا سو حال اُس کا
اس تمثیل کے ضمن میں سمجھنا چاہیے کہ ایک بادشاہ کے مقربان
بارگاہ سے کوئی امیر جلیل القدر ہو کہ خدمات عمدہ پر مامور ہوا اور
اُسکا کوئی فرزند سعید ہوا اور حضور بادشاہی کے لائق ہوا اور
تفویض خدمات کے قابل ہو لیاقت اور ہنر میں اپنے باپ کے
مشابہ ہو اور اپنے باپ کے ہمراہ بارگاہ بادشاہی میں آمد و رفت
رکھے اور عزت و اعتبار نگاہ بادشاہ اور حضار بارگاہ میں
اس درجہ حاصل کیا کہ باپ کی نیابت کا منصب اُسکو
حضور سلطانی سے عطا ہوا پس اگر کوئی شخص اُسکے باپ کے
رفیقوں میں سے اُسکے ساتھ راہ مساوات اختیار کرے اور
اُسکے مقابلہ میں تفاخر چاہے البتہ اُسکے آقا کی نسبت کہ وہ
امیر کبیر ہے نمکحرامی اُسکی طرف عائد ہوگی اور عتاب سلطانی کا
بھی مستوجب ہوگا ایسی ہی سرکشی اور روگردانی امام وقت
سے گستاخی ہے بنسبت اُسکے اور مساوات اُسکی ہے بنسبت
رسول کے اور اعتراض مخفی ہے حکیم علی الاطلاق پر کہ
ایسے ناقص شخص کو ایسے کامل شخص کی نیابت کا منصب
عطا فرمایا۔ حاصل کلام تقرب الی اللہ اُنکے توسل کے ترک
کرنے کی صورت میں ایک خیال ہے پُر اختلال اور ایک وہم ہے
سراسر باطل اور محال ہے بے عنایات حق و خاصان حق کے

اتمام امرِ ست کہ رسول بآن مامور شدہ بود و ادائے آن از امام صورت بست - قال اللہ تعالیٰ قُلْ یٰاَیُّهَا النَّاسُ اِنِّیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَیْکُمْ جَمِیْعًا ۝ و ظاہرست کہ تبلیغ رسالت بنسبت جمیع ناس از آنجناب متحقق نگشتہ بلکہ امر دعوت از آنجناب شروع گردیدہ یوماً فیوماً بواسطہ خلفائے راشدین و آئمہ مہدیین رو بہ تزاید کشید تا اینکہ بواسطہ امام مہدیؑ باتمام خواہد رسید و ہمین نیابت را در امور مذکورۃ الصدر رو وصایہ می نامند یعنی چنانکہ وصی در طلب و ادائے حقوق قائم مقام منیب میباشد ہمچنین امام قائم مقام پیغمبر ست در معاملے کہ درمیان خدا و رسولِ او منعقد گردیدہ و از آن جملہ ست ثبوتِ ریاست یعنی چنانکہ انبیاء اللہ را بنسبت اُمت خود یک نوعے از ریاست ثابت ست کہ بلاحظہ ہمان ریاستِ ایشان را امتِ این رسول میگویند و این رسول را رسول این اُمت و در بسیارے از امور دنیویہ ہم تصرفِ رسول در ایشان جاری ست - کما قال اللہ تعالیٰ اَلنَّبِیُّ اَوْلٰی بِالْمُؤْمِنِیْنَ مِنْ اَنْفُسِهِمْ و در مقدمات اُخرویہ ہم ولایت او ثابت قال اللہ تعالیٰ فَکَیْفَ اِذَا جِئْنَا مِنْ کُلِّ اُمَّةٍ بِشَهِیْدٍ وَّجِئْنَا بِکَ عَلٰی هٰؤُلَآءِ شَهِیْدًا ۝ ہمچنین امام را ہم در دنیا و آخرت مثل این ریاست بنسبت مبعوث الیہم ثابت ست قال النبی صلعم اَلَسْتُمْ تَعْلَمُوْنَ اَنِّیْ اَوْلٰی بِالْمُؤْمِنِیْنَ مِنْ اَنْفُسِهِمْ قَالُوْا بَلٰی فَقَالَ اَللّٰهُمَّ مَنْ کُنْتُ مَوْلَاهُ فَعَلِیٌّ مَوْلَاهُ ۝ وقال اللہ تعالیٰ وَیَوْمَ نَدْعُوْا کُلَّ اُنَاسٍ بِاِمَامِهِمْ وَقِفُوْهُمْ اِنَّهُمْ مَسْئُوْلُوْنَ ۝ قال النبی صلعم اِنَّهُمْ مَسْئُوْلُوْنَ عَنْ وِلَایَةِ عَلِیٍّ نکتہ ثالث امام بمنزلہ فرزند سعادتمند رسول ست

اتمام امر ہے کہ رسول اُسکے ساتھ مامور ہوئے تھے اور اُسکا ادا ہونا امام سے ظاہر ہوا - فرمایا اللہ تعالیٰ نے (ترجمہ کہدے تو اے لوگو میں اللہ تعالیٰ کا رسول تم سب کی طرف آیا ہوں) اور ظاہر ہے کہ تبلیغ رسالت بنسبت جمیع مردمان آنجناب سے متحقق نہوئی بلکہ امر دعوت آنجناب سے شروع ہوا اور یوماً فیوماً خلفاء راشدین اور ائمہ مہدیین کے واسطے سے اتمام کو پہنچیگا اور ایسی نیابت کو امور مذکورۃ الصدر میں وصایا کہتے ہیں یعنی جیسے کہ وصی طلب و ادائے حقوق میں منیب کے قائم مقام ہوتا ہے ایسے ہی امام اُن معاملات میں کہ درمیان خدا اور اُسکے رسولؐ کے منعقد ہوئے قائم مقام پیغمبر کے ہے اور از انجملہ ثبوت ریاست ہے یعنی جیسا کہ انبیاء اللہ کو اپنی امت کی نسبت ایک نوع کی ریاست ثابت ہے اُسی ریاست کے ملاحظہ سے اُنکو اُمت اس رسول کی کہتے ہیں اور اس رسول کو اس اُمت کا رسول بولتے ہیں اور بہت سے اُمورِ دنیویہ میں بھی تصرف رسولؐ کا اُن میں جاری ہے - چنانچہ فرمایا اللہ تعالیٰ نے (ترجمہ نبی بہتر ہے ساتھ ایمان والوں کے اُنکی جانوں سے) اور مقدمات اخرویہ میں بھی ولایت اُنکی ثابت ہے - فرمایا اللہ تعالیٰ نے (ترجمہ پھر کیونکر ہو جب ہر ایک اُمت سے ایک گواہ کھڑا کریں اور تجھکو اُنپر گواہی دینے والا) ایسے ہی دنیا اور آخرت میں امام کے واسطے بھی ایسی ریاست بہ نسبت مبعوث الیہم ثابت ہے - فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے (ترجمہ کیا تمکو معلوم نہیں کہ میں مومنین کی جانوں سے بہتر ہوں کہا کیوں نہیں پھر فرمایا اے اللہ میں جسکا ولی ہوں علیؑ بھی اُسکا ولی ہے) اور فرمایا اللہ تعالیٰ نے (ترجمہ اور جس دن بلاوینگے ہم سب کو اُنکے اماموں کے ساتھ اور کھڑا کرو اُنکو اُنسے دریافت ہوگا) فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے (ترجمہ دریافت ہوگا حضرت علیؑ کی ولایت کی بابت) نکتہ ثالث امام بمنزلہ فرزند سعادتمند رسولؐ ہے -

غیر منتظمہ میگویند پس خلافت راشدہ دو قسم شد خلافت منتظمہ
مثل خلافت خلفاء ثلثہ و خلافت غیر منتظمہ مثل خلافت
مرتضیٰ علی علیہ السلام اما خلافت غیر منتظمہ پس این انتشارِ
امرِ خلافت باوجود خلیفہ راشد مشابہ قلتِ ظہورِ ہدایت
رسول ست مثل حضرت نوح علیہ السلام پس چنانچہ قلت
ظہور ہدایت ہیچگونہ غبارِ منقصت دامان پاکِ حضرت
نوح را نمی آلاید ہمچنین عدمِ انتظامِ خلافت ہیچ وجہ
نقصانے بخلیفہ راشد نمی رساند پس خلافت غیر منتظمہ
را اگر باعتبار وجود خلیفہ راشد ملاحظہ کنیم باید کہ بگوییم کہ
خلافت راشدہ متحقق ست و اگر باعتبارِ عدمِ انتظام و
تفرق اہلِ اسلام ملاحظہ کنیم باید کہ بگوییم کہ متحقق نیست
پس انچہ در حدیث شریف آمدہ الخلافۃ بعدی ثلثون
سنۃ آن بملاحظہ اعتبار اول ست و انچہ بعضے از احادیث
بر اختتام خلافت بر حضرت ذی النورین دلالت میکند
نظر باعتبار ثانی چنانکہ ابو بکر ثقفی روایت کردہ ان رجلاً
قَالَ لِرَسُوْلِ اللّٰہِ عَلَیْہِ السَّلَامُ رَاَیْتُ کَاَنَّ مِیْزَانًا
نَزَلَ مِنَ السَّمَآءِ فَوُزِنْتَ اَنْتَ وَاَبُوْبَکْرٍ فَرَجَحْتَ اَنْتَ
وَوُزِنَ اَبُوْبَکْرٍ وَعُمَرُ فَرَجَحَ اَبُوْبَکْرٍ وَوُزِنَ عُمَرُ وَعُثْمَانُ
فَرَجَحَ عُمَرُ ثُمَّ رُفِعَ الْمِیْزَانُ فَاسْتَآءَ لَہَا رَسُوْلُ اللّٰہِ
صلعم یَعْنِیْ فَسَاءَہٗ ذٰلِکَ فَقَالَ خِلَافَۃُ نُبُوَّۃٍ ثُمَّ یُؤْتِی
اللّٰہُ الْمُلْکَ مَنْ یَّشَآءُ وقال رسول اللّٰہ صلعم
اُرِیَ اللَّیْلَۃَ رَجُلٌ صَالِحٌ کَاَنَّ اَبَا بَکْرٍ نِیْطَ بِرَسُوْلِ اللّٰہِ
صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَنِیْطَ عُمَرُ بِاَبِیْ بَکْرٍ وَنِیْطَ
عُثْمَانُ بِعُمَرَ قَالَ جَابِرٌ فَلَمَّا قُمْنَا مِنْ عِنْدِ رَسُوْلِ اللّٰہِ
صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قُلْنَا اَمَّا الرَّجُلُ الصَّالِحُ

غیر منتظمہ کہتے ہیں پس خلافت راشدہ کی دو قسم ہوئیں ایک
خلافت منتظمہ مثل خلافت خلفائے ثلثہ دوسری خلافت
غیر منتظمہ مثل خلافتِ مرتضیٰ علی علیہ السلام یہ بھی یاد رکھنا
چاہیئے کہ خلافت غیر منتظمہ میں انتشار امرِ خلافت باوجود خلیفہ
راشد مشابہ قلّت ظہور ہدایت رسول ہے مثل حضرت
نوح علیہ السلام پس جس طور پر کہ قلّت ظہور ہدایت سے حضرت
نوح علیہ السلام کا دامان پاک غبار آلودہ نقصان نہیں
ہوتا ہے ایسے طور پر عدم انتظام خلافت سے کسی وجہ پر خلیفہ
راشد کا مجموعۂ عزّت وجاہ پریشان نہیں ہوتا ہے پس
خلافتِ غیر منتظمہ کو اگر باعتبارِ وجودِ خلیفہ راشد ملاحظہ کریں
ہمکو کہنا چاہیے کہ خلافتِ راشدہ متحقق ہے اور اگر ہم باعتبار
عدم انتظام وتفرق اہلِ اسلام معائنہ کریں ہم کہیں کہ
متحقق نہیں پس جو کچھ کہ حدیث شریف میں آیا ہے کہ
(ترجمہ خلافت میرے بعد تیس برس رہیگی) وہ بلحاظ
اعتبار اول ہے اور وہ احادیث کہ اختتام خلافت
ذی النورینؓ پر دلالت کرتی ہیں بنظر اعتبار ثانی ہیں چنانچہ
ابو بکر ثقفیؓ نے روایت کی ہے (ترجمہ ایک آدمی نے
کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ خواب میں دیکھا
میں نے کہ آسمان سے ترازو اُتری ہے آپ کو اور ابوبکرؓ
کو تولا تو آپ بھاری ہوئے اور ابوبکر و عمرؓ تُلے تو ابوبکرؓ بھاری
ہوئے اور عمر و عثمانؓ تُلے تو عمرؓ بھاری ہوئے پھر ترازو چلی
گئی۔ سو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اس سے ناخوشی حاصل
ہوئی پس فرمایا یہ خلافت نبوت ہے پھر دیگا اللہ تعالیٰ ملک
جس شخص کو کہ چاہیگا) اور فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے
(ترجمہ خواب دیکھا ایک نیک آدمی نے گویا کہ ابوبکرؓ والی
ہوئے رسول اللہؐ کے اور والی ہوئے عمرؓ ابوبکرؓ کے اور
والی ہوئے عثمانؓ عمرؓ کے۔ کہا جابرؓ نے جب ہم کھڑے ہوئے
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس سے کہا ہم نے لیکن نیک آدمی

گر ملک باشد سیہ گردد ورق ﴿ قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم حُبُّ عَلِیٍّ حَسَنَۃٌ لَا تَضُرُّ مَعَھَا سَیِّئَۃٌ وَبُغْضُ عَلِیٍّ سَیِّئَۃٌ لَا تَنفَعُ مَعَھَا حَسَنَۃٌ ﴿ وقال علیہ السلام اَلَا اِنَّ مَثَلَ اَھْلِ بَیْتِیْ فِیْکُمْ کَمَثَلِ سَفِیْنَۃِ نُوْحٍ مَنْ رَکِبَھَا نَجٰی وَمَنْ تَخَلَّفَ عَنْھَا ھَلَکَ ✦ رَزَقَنَا اللّٰہُ وَسَائِرَ الْمُسْلِمِیْنَ حُبَّ اَھْلِ الْبَیْتِ وَاتِّبَاعَھُمْ بَلْ حُبَّ جَمِیْعِ اَئِمَّۃِ الْھُدٰی وَاتِّبَاعَھُمْ اٰمِیْن یَا رَبَّ الْعَالَمِیْنَ **تنبیہ ثالث در ذکرِ امامتِ تامّہ** وآن را خلافت راشدہ وخلافت علی منہاج النبوت وخلافت رحمت نیز گویند باید دانست کہ چون چراغ امامت در شیشہ خلافت جلوہ گر گردید نعمت ربانی در بابِ پرورش نوع انسانی با تمام رسید وکمالِ روحانی باکمالِ این رحمتِ رحمانی بمشابہ نُورٌ عَلٰی نُورٍ بسانِ آفتاب درخشید ہرچند بقیامِ خلافتِ راشدہ از جانبِ حق نعمت و رحمت تمام وکامل گردید فاما گاہے سعادتِ اہلِ زمان اقتضای نماید کہ جماہیر اہل اسلام بر قبولِ خلافتِ راشدہ اتفاق نمایند و بجان ودل حکومت خلیفہ راشد اختیار کنند امرِ خلافتِ ربانی انتظام میگیرد ومقدمہ سیاست ایمانی بخوبی سرانجام می پذیرد وآن را خلافت منتظمہ میگویند ودر بعضے احیان بحسبِ تقدیر ربانی وقضائے آسمانی ہرچند خلیفہ راشد بروے کار می آید ودر بابِ اقامتِ خلافت سعی بلیغ بجامی آرد فاما اتفاقِ جماہیرِ مسلمین صورت نہ بندد وانتظامِ کافہ امت دست ندہد پس درین صورت اگرچہ خلیفہ راشد موجود ست ودر اقامت خلافت ساعی فاما انتظامِ خلافت بوقوع نیامدہ آن را خلافت

گر ملک باشد سیہ گردد ورق ﴿ فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے (ترجمہ علیؓ کی دوستی نیکی ہے نہ نقصان کرے ساتھ اُسکے گناہ اور علیؓ کی دشمنی ایک گناہ ہے نہ فائدہ کرے ساتھ اُسکے کوئی نیکی) اور فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے (ترجمہ خبردار ہو میری اہل بیت تمہارے واسطے مثل کشتی نوحؑ کی ہیں جو سوار ہوا بچا اور جو رہگیا ہلاک ہوا۔ نصیب کرے ہمکو اور تمام مسلمانوں کو محبت اہل بیت کی بلکہ تابعداری اُنکے کی بلکہ محبت تمام ائمہ مہدیین کی۔ ایسا ہی ہووے پروردگار جہان والوں کے) **تنبیہ ثالث ذکر امامت تامہ میں** اور اُسکو خلافت راشدہ اور خلافت علی منہاج النبوت اور خلافت رحمت بھی کہتے ہیں معلوم کرنا چاہیے کہ جو چراغ امامت شیشہ خلافت میں جلوہ گر ہوا نعمت ربانی کا دربابِ پرورش نوع انسانی ہر ایک کے دل میں اثر ہوا اور کمال روحانی اس رحمتِ رحمانی کے کمال کے ساتھ نُورٌ عَلٰی نُورٍ بسانِ آفتاب درخشاں ہوا ہرچند خلافت راشدہ کی قیام سے جانب حق سے نعمت اور رحمت تمام اور کامل ہوئی لیکن کبھی زمانے والوں کی سعادت اس بات کا تقاضا کرتی ہے کہ جملہ اہل اسلام قبول خلافت راشدہ پر اتفاق کریں اور جان ودل سے خلیفہ راشد کی حکومت اختیار کریں اُس وقت امر خلافت ربانی کا پورا انتظام ہوتا ہے اور سیاستِ ایمانی کے مقدمہ کا بخوبی سرانجام ہوتا ہے اور اسکو خلافت منتظمہ کہتے ہیں اور بعض اوقات میں بحسب تقدیر ربانی وقضائے آسمانی ہرچند خلیفہ راشد ظہور فرماتا ہے اور دربارۂ اقامتِ خلافت کمال کوشش بجالاتا ہے لیکن تمام مسلمانوں کے اتفاق کی صورت ظہور میں نہ آئے اور جمیع اُمت کا انتظام جلوہ نہ دکھائے پس اس صورت میں اگرچہ خلیفہ راشد موجود ہے اور اقامت خلافت میں ساعی لیکن انتظام خلافت وقوع میں نہ آئے اُسکو خلافت

مَا شَاءَ اللّٰهُ ثُمَّ اَخَذَهَا ابْنُ اَبِي قُحَافَةَ فَنَزَعَ مِنْهَا
ذَنُوْبًا اَوْ ذَنُوْبَيْنِ وَفِي نَزْعِهٖ ضَعْفٌ وَاللّٰهُ يَغْفِرُ لَهٗ
ضَعْفَهٗ ثُمَّ اَخَذَهَا ابْنُ الْخَطَّابِ مِنْ يَدِ اَبِي بَكْرٍ
فَاسْتَحَالَتْ فِي يَدِهٖ غَرْبًا فَلَمْ اَرَ عَبْقَرِيًّا يَفْرِي فَرِيَّهٗ
حَتّٰى رَوَى النَّاسُ وَضَرَبُوْا بِعَطَنٍ تفاضل
درمیانِ خلفاء راشدین باعتبار انتظام وانتشارِ امرِ خلافت
عارضی ست نه از اصل کمالِ خلافت مشابه
تفاضلِ انبیاء مرسلین باعتبار قلت وکثرتِ ہدایت
که آن ہم تفاضل عارضی ست نه از اصلِ منصبِ رسالت
و درین مقام چند لطیفه ایست متعلق باحکامِ مطلق خلیفه
راشد که آن را در ضمن چند نکته بیان میکنیم نکتهٔ اولیٰ
خلیفه راشد عبارت ست از شخصے که صاحبِ منصبِ
امامت باشد و ابوابِ سیاستِ ایمانی از وظاهر شود
پس ہر که باین منصب رسید ہمان ست خلیفه راشد
خواه در زمانِ سابق ظاہر شود خواه در زمانِ لاحق خواه
در اوائل اُمت باشد خواه در اواخرِ آن خواه فاطمی
الحسب باشد خواه ہاشمی النسب خواه قصوی الاصل
باشد خواه قریشی النسل این لفظ خلیفه را بمنزله لفظ
خلیل اللہ یا کلیم اللہ و روح اللہ و حبیب اللہ و صدیق
اکبرؓ و فاروقِ اعظمؓ و ذوالنورینؓ و مرتضیٰؓ و مجتبیٰؓ و سید الشہداءؓ
و امثالِ ذالک تصور نباید کرد که ہر یک ازان لقبیست
خاص که بذاتِ بزرگی از بزرگانِ دین اختصاص میدارد
از اطلاقِ آن لقب ذاتِ ہمان بزرگ مفہوم میشود
ہمچنین گمان نکنند که لفظ خلفاء راشدین باسم
بذواتِ خلفائے اربعه اختصاص میدارد

جب تک اللہ تعالیٰ نے چاہا پھر لے لیا اُسکو مجھ سے ابوبکرؓ
پس کھینچے دو ڈول یا ایک ڈول اور اسکے کھینچنے میں ضعف ہے
اور اللہ تعالیٰ رحم کرے انکے حال پر اُسکو اُنکے ہاتھ سے عمرؓ
نے لے لیا اور اُسکے ہاتھ میں اچھا معلوم ہوتا تھا پس نہیں
دیکھا میں نے کسی کو کہ کھینچے اُسکا سا کھینچنا سیر کر دیا لوگوں کو
اور خوب خوش ہیں ہے) تفاضل اور زیادتی خلفاء راشدینؓ
کے درمیان امر خلافت کے انتظام اور انتشار کی اعتبار
سے عارضی ہے اصل کمالِ خلافت سے اسکو تعلق نہیں
اسکی ایسی مثال ہے کہ جیسا انبیاء مرسلینؑ کا تفاضل
باعتبار قلت وکثرتِ ہدایت ہے کہ وہ بھی تفاضل
عارضی ہے اصل منصبِ رسالت سے نہیں اس مقام
میں چند لطیفے ہیں کہ جنکا تعلق احکام مطلق خلیفہ راشد
کے ساتھ ہے جنکو چند نکتے کے ضمن میں ہم بیان کرتے ہیں
نکتہ اولیٰ خلیفہ راشد اُس شخص کو کہتے ہیں جو صاحب
منصبِ امامت ہو اور سیاستِ ایمانی کے معاملات
اُس سے ظاہر ہوں سو جب کسی کو یہ منصب عنایت ہوا
وہی خلیفہ راشد ہے خواہ زمانہ سابق میں ظاہر ہوئی خواہ
زمانہ لاحق میں خواہ اوائل اُمت میں ہو خواہ اواخر میں
خواہ فاطمی الحسب ہو خواہ ہاشمی النسب خواہ قصوی
الاصل ہو۔ خواہ قریشی النسل اس لفظ خلیفہ کو بمنزلہ
لفظ خلیل اللہ یا کلیم اللہ اور روح اللہ اور حبیب اللہ
اور صدیق اکبرؓ اور فاروق اعظمؓ اور ذو النورینؓ اور مرتضیٰؓ
اور مجتبیٰؓ اور سید الشہداءؓ وغیرہ تصور نکرنا چاہیے کہ ہر
ایک کا ان میں سے ایک لقب خاص ہے کہ بزرگان
دین میں سے ایک بزرگ کی ذات کی خصوصیت رکھتا ہے
اُس لقب کے اطلاق سے اُسی بزرگ کی ذات سمجھی
جاتی ہے اور یہ بھی نہ خیال کرنا چاہیے کہ لفظ خلفاء
راشدین خلفاء اربعہ ہی کی ذات کے ساتھ اختصاص رکھتا ہے

فَرَسُولُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَاَمَّا نُوْطُ بَعْضِہِمْ بِبَعْضٍ فَہُمْ وُلَاۃُ الْاَمْرِ الَّذِیْ بَعَثَ اللّٰہُ بِہٖ نَبِیَّہٗ صلعم واما خلافتِ منتظمہ پس گاہے انتظام آن بکمال می رسد بوجہیکہ عظمتِ خلیفہ راشد در زمان خلافت او مسلم طوائف انام باشد و زبان جمہور خاص و عام ہیچکس را از تسلط او رنجے ملالے بہم نرسد و نہ کسے را در لیاقت او قیل و قال و این را خلافتِ محفوظہ میگوئیم و گاہے بعضے اہلِ زمان از تسلطِ خلیفہ راشد رنجے میکشند و زبانِ طعن و ملامت دراز میکشایند فاما بحفاظت ربانی و تائید آسمانی رد و قدح ایشان تا بسر حدِ بغی و خروج نمی رسد و ملال قلبی ایشان تا بخلع بیعت نمیکشد و انتظام خلافت بظاہر حسب مرضی خلیفہ راشد میرود اگرچہ احکام او بر قلوب بعضے از اہل زمان گران میگذرد و آن را خلافت مفتونہ میگوئیم پس خلافت منتظمہ ہم دو قسم شد محفوظہ مثل خلافتِ شیخین و مفتونہ مثل خلافتِ ذی النورین اما خلافت محفوظہ پس ہمون ست نعمتِ عظمیٰ و غنیمتِ کبریٰ در حق جمہور بنی آدم بلکہ در بارہ تمامی عالم پس خلافت راشدہ درین صورت من کل الوجوہ متحقق ست ہم باعتبار وجود خلیفہ راشد و ہم باعتبار ظاہر انتظام اہل امت و ملت و ہم باعتبار اذعان و اطمینان اہلِ زمان و اذعان کافہ اقران و اخوان اما خلافت مفتونہ پس ہر چند باعتبار وجود خلیفہ راشد و جریان ظاہر انتظام درمیانِ طوائف انام بلا ریب موجود ست فاما باعتبار فقدان اطمینان قلبی اہلِ زمان حکما مفقود بنا بر علیہ در بعضے احادیث اشارتے باتمام خلافت بر زبان فاروق اعظم رضہ وارد شدہ۔ قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم بَیْنَا اَنَا نَائِمٌ رَاَیْتُنِیْ عَلٰی قَلِیْبٍ عَلَیْہَا دَلْوٌ فَنَزَعْتُ مِنْہَا

پس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہیں اور متعلق ہونا بعض کا بعض کے ساتھ پس وہ والی ہونا ہے کام کا جو کہ بھیجا اللہ تعالیٰ نے ساتھ اسکے اپنے نبی صلعم کو) رہی خلافت منتظمہ سو کبھی اُس کا انتظام ایسے وجہ پر کمال کو پہنچتا ہے کہ خلیفہ راشد کی عظمت اسکی عظمت اُسکے زمانہ خلافت میں تمام اہل زمانہ تسلیم کریں اور سب اُسکی بڑائی کا دم بھریں کسی کو اُسکی تسلط سے رنج و ملال اور نہ کسی کو اُسکی لیاقت میں قیل و قال کی گنجایش ہو اسکو ہم خلافت محفوظہ کہتے ہیں اور کبھی بعض اہل زمان خلیفہ راشد کے تسلط سے رنج کھینچتے ہیں اور زبان طعن و ملامت دراز کرتے ہیں لیکن بحفاظت ربانی و تائید آسمانی اُن کا ردّ و قدح سرحد بغاوت اور خروج تک نہیں پہنچتا اور اُنکا ملال قلبی خلع بیعت تک نہیں کھینچتا اور انتظام خلافت بظاہر حسب مرضی خلیفہ راشد ہوتا ہے اگرچہ اُسکے احکام بعض اہل زمان کے دلوں پر گراں گزرتے ہیں اور اسکو ہم خلافت مفتونہ کہتے ہیں پس اس اعتبار سے خلافت منتظمہ کی بھی دو قسمیں ہوئیں ایک محفوظہ مثل خلافت شیخین دوسری مفتونہ نہ مثل خلافت ذی النورین لیکن خلافت محفوظہ جملہ بنی آدم او تمامی عالم کے حق میں نعمت عظمیٰ اور غنیمت کبریٰ ہے پس خلافت راشدہ اس صورت میں من کل الوجوہ یعنی باعتبار وجود خلیفہ راشد اور باعتبار ظاہر انتظام اہل امت ملت اور باعتبار اذعان و اطمینان اہل زمان اور باعتبار ایقان جملہ اقران و اخوان متحقق ہوتی ہے اما خلافت مفتونہ پس ہرچند باعتبار وجود خلیفہ راشد اور بحسب ظاہر انتظام بلا ریب موجود ہے لیکن باعتبار فقدان اطمینان قلبی حکما مفقود نظر برآں بعض احادیث میں اتمام خلافت کے بارہ میں ایک قسم کا اشارہ حضرت فاروق اعظم رض کی زبان پر وارد ہوا فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے (ترجمہ) ایک وقت سوتے میں میں نے دیکھا کہ میں کنوئیں پر ہوں اُس پر ڈول ہے پس میں نے کھینچا اُس سے

أَوْ لَمْ يَبْقَ مِنَ الدُّنْيَا إِلَّا يَوْمٌ لَطَوَّلَ اللهُ ذٰلِكَ الْيَوْمَ حَتّٰى يَبْعَثَ اللهُ فِيهِ رَجُلًا مِنْ أَهْلِ بَيْتِي يُوَاطِئُ اِسْمُهُ اِسْمِي وَاِسْمُ أَبِيهِ اِسْمَ أَبِي يَمْلَأُ الْأَرْضَ قِسْطًا وَعَدْلًا كَمَا مُلِئَتْ ظُلْمًا وَجَوْرًا ونیز وارد شده. قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم أَتَاهُ أَبْدَالُ الشَّامِ وَعَصَائِبُ أَهْلِ الْعِرَاقِ فَيُبَايِعُونَهُ ونیز وارد شده وَيَعْمَلُ فِي النَّاسِ بِسُنَّةِ نَبِيِّهِمْ وَيُلْقِي الْإِسْلَامُ بِجِرَانِهِ فِي الْأَرْضِ ونیز وارد شده يَرْضٰى عَنْهُ سَاكِنُ السَّمَاءِ وَسَاكِنُ الْأَرْضِ لَا تَدَعُ السَّمَاءُ مِنْ قَطْرِهَا شَيْئًا إِلَّا صَبَّتْهُ مِدْرَارًا وَلَا تَدَعُ الْأَرْضُ مِنْ نَبَاتِهَا شَيْئًا إِلَّا أَخْرَجَتْهُ حَتّٰى يَتَمَنَّى الْأَحْيَاءُ الْأَمْوَاتَ ونیز وارد شده قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم اَلْمَهْدِيُّ عَلَيْهِ السَّلَامُ يُشْبِهُنِي فِي الْخُلُقِ ونیز این گمان نباید کرد که زمانہ خلافت راشده یا اوائل امت ست یعنی زمانہ خلفاے اربعہ یا اواخر امت یعنی زمان حضرت مهدی علیہ السلام و درمیان این هر دو زمان همه زمان تعطل ست که هرگز دران خلافت راشده گاہے ظاہر شدنی نیست چه بسیارے از تابعین خلافت عمر بن عبد العزیز را نیز از جملہ خلافت راشده شمرده اند وانچه در حدیث اول از عود خلافت راشده مذکور گردید آن را بر ظهور خلافت عمر بن عبد العزیز حمل نموده چنانچه حبیب که از جملہ تابعین ست همان حدیث اول به عمر بن عبد العزیز نوشته و در پایین آن این بشارت نگاشته أَرْجُو أَنْ تَكُونَ أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ بَعْدَ الْمُلْكِ الْعَاضِّ وَالْجَبْرِيَّةِ فَسُرَّ بِهِ وَأَعْجَبَهُ پس عمر بن عبد العزیز هم این بشارت را

(ترجمہ اگر نہ رہے دنیا سے مگر ایک دن البتہ لمبا کر دے اسکو اللہ تعالی یہانتک کہ اُٹھا دے میرے اہل بیت سے ایک آدمی میرے ہمنام اور اُسکے باپ کا نام بھی میرے والد کے نام پر ہوگا بھر جاوے زمین خوبی اور انصاف سے جیسے کہ بھری ہوئے ظلم اور زیادتی سے) اور یہ بھی وارد ہوا ہے۔ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے (ترجمہ آوینگے ابدال شام کے اُنکے پاس اور بزرگ عراق والوں کے پس بیعت کرینگے اُن سے) اور یہ بھی حدیث میں آیا ہے (ترجمہ اور عمل کرینگے لوگوں میں اُنکے پیغمبر کے طریق پر اور ڈالیگی اسلام زمین میں) اور یہ بھی اُنکی شان میں وارد ہوا ہے (ترجمہ راضی ہونگے آسمان والے اور زمین والے اُنسے آسمان بہت مینہ برساویگا اور زمین بہت ہریاول اُگا دیگی یہانتک کہ آرزو کرینگے زندہ موت کی) اور یہ بھی وارد ہوا ہے۔ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے (ترجمہ کہ مہدی علیہ السلام مشابہ ہونگے سیرت میں) اور یہ بھی گمان نہ کرنا چاہیے کہ زمانہ خلافت راشدہ یا اوائل امت یعنی زمانہ خلفاء اربعہ ہے یا اواخر اُمت یعنی زمانہ حضرت مہدی علیہ السلام ہے اور درمیان ان دونو زمانوں کے جملہ زمان تعطل ہے کہ خلافت راشدہ کا اُنمیں ظہور نہیں یہ گمان اس وجہ سے درست نہیں کہ بہت سے تابعین خلافت عمر بن عبد العزیز کو بھی منجملہ خلافت راشدہ شمار کیا ہے اور جو کچھ حدیث اول میں عود خلافت راشدہ سے مذکور ہوا اُسکو ظہور خلافت عمر بن عبد العزیز پر حمل کیا ہے چنانچہ حبیب نے کہ منجملہ تابعین ہے وہی حدیث اول عمر بن عبد العزیز کو لکھی اور اُسکے تحت میں یہ بشارت تحریر فرمائی (ترجمہ امید کرتا ہوں کہ تم امیر المومنین ہو بعد بادشاہی عاض اور زیادتی کے پس خوش ہوئے اور اچھا معلوم ہوا) پس عمر بن عبد العزیز نے بھی اس بشارت کو

از اطلاق این لفظ ذوات همون بزرگان مفهوم میگردد حاشا وکلّا بلکه این لقب بمنزلهٔ ولی الله و مجتهد و عالم و عابد و زاهد و فقیه و محدّث و متکلم و حافظ و بادشاه و امیر و وزیر تصوّر باید کرد که هر یکے ازان بر صفتے خاص دلالت مینماید و هر که بآن صفت متصف باشد و بر آن منصب قائم همون ست ملقّب بآن لقب پس چنانکه گاہے گاہے موجے از دریاے رحمت سر می برآرد و امامے را از ائمهٔ هدیٰ برروے کار می آرد همچنین گاہے نعمت الله بکمال میرسد و امامے را بر تخت خلافت جلوه گر میکند پس همون امام خلیفهٔ راشد آن زمان ست و آنچه در حدیث شریف وارد شده که زمانهٔ خلافت راشده بعد وفات رسول مقبول علیه الصلوٰة والسلام بقدر سی سال ست بعد ازان زمانهٔ سلطنت پس مراد ازان این ست که خلافت راشده علی سبیل الاتصال والتواتر بقدر سی سال خواهد ماند نه آنکه تا قیام قیامت زمانهٔ خلافت همین قدر ست و بس بلکه مدلول حدیث مذکور همین ست که خلافت راشده بانقضاے سی سال منقطع خواهد گردید نه آنکه بعد انقطاع الی ابد الآباد عود نخواهد کرد بلکه حدیثے دیگر بر عود خلافت راشده بعد انقطاع ان دلالت میدارد قال النبی صلی الله علیه وسلم تَكُونُ النُّبُوَّةُ فِيكُمْ مَا شَاءَ اللهُ أَنْ تَكُونَ ثُمَّ يَرْفَعُهَا اللهُ تَعَالَى ثُمَّ تَكُونُ خِلَافَةٌ عَلَى مِنْهَاجِ النُّبُوَّةِ مَا شَاءَ اللهُ أَنْ تَكُونَ ثُمَّ يَرْفَعُهَا اللهُ تَعَالَى ثُمَّ تَكُونُ مُلْكًا عَاضًّا فَيَكُونُ مَا شَاءَ اللهُ أَنْ يَكُونَ ثُمَّ يَرْفَعُهَا اللهُ تَعَالَى ثُمَّ تَكُونُ مُلْكًا جَبْرِيَّةً فَتَكُونُ مَا شَاءَ اللهُ أَنْ تَكُونَ ثُمَّ يَرْفَعُهَا اللهُ تَعَالَى ثُمَّ تَكُونُ خِلَافَةً عَلَى مِنْهَاجِ النُّبُوَّةِ ثُمَّ سَكَتَ ونیز ظاهر ست که خلافت حضرت مهدی علیه السلام افضل انواع خلافت راشده ست یعنی خلافت منتظمه محفوظه چه در وصف ایشان وارد شده قال رسول الله صلی الله علیه وسلم

اس لفظ کے بولنے سے اُنھیں کی ذوات مفہوم ہوتی ہے حاشا وکلا بلکہ اس لقب کو بمنزلہ ولی اللہ و مجتہد و عالم و عابد و زاہد و فقیہ و محدّث و متکلم و حافظ و بادشاہ و امیر و وزیر سمجھنا چاہیے کہ جو کوئی ان صفات میں سے کسی صفت کے ساتھ موصوف ہو اور ان مناصب میں سے کسی منصب پر قائم ہو وہی اُسی لقب کے ساتھ ملقب ہو پس جس طور پر کہ کبھی کبھی ایک موج دریاے رحمت سے جوش میں آتی ہے اور کسی امام کو ائمہ ہدیٰ سے ظاہر لاتی ہے ایسی ہی کبھی جناب باری کی نعمت جلوہ کمال دکھاتی ہے اور ایک امام کو تخت خلافت پر بٹھاتی ہے سو وہی اُس زمانے کا خلیفہ راشد ہے اور وہ مضمون کہ حدیث شریف میں وارد ہوا کہ زمانۂ خلافت راشدہ رسول مقبول علیہ الصلوٰة والسلام کی وفات کے بعد بقدر تیس سال ہے اور اُسکے بعد زمانۂ سلطنت ہے سو مراد اُس سے یہ ہے کہ خلافت راشدہ علی سبیل الاتصال والتواتر بقدر تیس سال رہیگی نہ یہ کہ تا قیام قیامت زمانۂ خلافت راشدہ اسی قدر ہے اور بس بلکہ مدلول حدیث مذکور یہی ہے کہ خلافت راشدہ بانقضاے تیس سال منقطع ہوگی نہ یہ کہ بعد انقطاع الی ابد الآباد عود نہ کریگی بلکہ دوسری حدیث عود خلافت راشدہ پر بعد انقطاع دلالت کرتی ہے فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے (ترجمہ رہیگی نبوت تم میں جب تک چاہے اللہ تعالیٰ پھر اُٹھا لیگا اُسکو اللہ پھر ہوگی خلافت نبوت کے طریق پر جب تک چاہے اللہ تعالیٰ پھر اُٹھا لیگا اللہ تعالیٰ پھر ہوگی بادشاہی پس رہیگی جب تک چاہے اللہ تعالیٰ پھر اُٹھا لیگا اُسکو اللہ تعالیٰ پھر بادشاہی زبردستی کی ہوگی اور رہیگی جب تک چاہے اللہ تعالیٰ پھر اُٹھا لائیگا اُسکو اللہ تعالیٰ پھر ہوگی خلافت اوپر طریق نبوت کے پھر آپ چپ ہو رہے) اور ظاہر ہے کہ خلافت حضرت مہدی علیہ السلام افضل انواع خلافت راشدہ ہے یعنی خلافت منتظمہ محفوظہ کیونکہ اُنکے وصف میں وارد ہوا ہے فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے

و آن را از مجیب الدعوات طلب باید کرد و بر اجابت دعای خود چشم باید داشت و در تفحص خلیفہ راشد در ہر زمان ہمت باید گماشت کہ شاید کہ نعمت کاملہ در ہمین زمان ظہور فرماید و خلافت راشدہ در ہمین وقت بروز نماید **نکتۂ ثانی** خلیفہ راشد سایۂ رب العالمین ست و ہمسایۂ انبیاء مرسلین کہ سرمایۂ ترقی دین ست و ہمسایۂ ملائکۂ مقربین مرکز دائرۂ امکان مفخر جمیع اکوان افسر ارباب عرفان سر دفتر افراد انسان دل او عرش تجلی رحمان ست و سینۂ او دریای رحمت بیکران اقبال او پرتو جلال یزدانی ست و مقبولیت او عکس جمال ربانی قہر او تیغ قضاست و مہر او مبیع عطا و معارضۂ او معارضۂ تقدیر ست و مخالفت او مخالفت رب قدیر ہر کمالے کہ در خدمتگزاری او مصروف نگردد خیالیست پر اختلال و ہر علمے کہ در بیان اعظام و اکرام او بکار نیاید وہمے ست سراسر باطل و محال ہر صاحب کمال کہ موازنت خود با او می جوید راہ مشارکت حق می پوید علامت اہل کمال ہمین ست کہ در خدمت او مشغول باشند و در اطاعت او مبذول از ادعای مساوات او دست بردارند و او را بجای رسول بشمارند **نکتۂ ثالث** خلیفہ راشد نبی حکمی ست ہر چند فی الحقیقت بپایۂ رسالت نرسیدہ فاما منصب خلافت چندے از احکام انبیاء اللہ بروجاری گردیدہ ہر چند احکام مسطورہ در ابواب آیندہ ان شاء اللہ تعالیٰ بالاستیعاب مذکور خواہد گردید اما دو سہ احکام درین مقام بطریق نمونہ ذکر کردہ می شود از ان جملہ توقف نجات اخروی ست بر اطاعت او یعنی چنانکہ اگر کسے بہزار وجہ در معرفت الٰہیہ و تہذیب نفس جد و جہد تمام و سعی

اور اسکو حضرت مجیب الدعوات سے طلب کرنا چاہیے اور اپنی قبولیت دعا پر امیدوار رکھنا چاہیے اور خلیفہ راشد کی تلاش میں ہر وقت ہمت باندھنی چاہیے کہ شاید نعمت کاملہ ایسے وقت میں ظہور فرمائے اور خلافت راشدہ ایسے زمانہ میں جلوہ دکھائے **نکتۂ ثانی** خلیفہ راشد سایہ رب العالمین ہے اور ہمسایہ انبیاء و مرسلین سرمایہ ترقی دین ہے ہمسایہ ملائکہ مقربین ہے مرکز دائرۂ امکان ہے مفخر جمیع اکوان ہے افسر ارباب عرفان ہے سر دفتر افراد انسان ہے دل اسکا عرش تجلی رحمان ہے سینہ اسکا دریائے رحمت بیکراں ہے اسکا اقبال پرتو جلال یزدانی ہے اسکی مقبولیت عکس جمال ربانی ہے اسکا قہر تیغ قضا ہے اسکی مہر مبیع عطا ہے اسکا معارضہ معارضۂ تقدیر ہے اسکی مخالفت مخالفت رب قدیر ہے جو کمال کہ اسکی خدمتگزاری میں مصروف نہوا ایک خیال ہے پر اختلال اور جو علم کہ اسکی عظمت اور اکرام کے بیان میں کام نہ آیا ایک وہم ہے سراسر باطل و محال جو صاحب کمال کہ اپنا موازنہ اسکے ساتھ چاہتا ہے راہ مشارکت حق میں قدم بڑھاتا ہے اہل کمال کی علامت یہی ہے کہ اسکی خدمت میں مشغول رہے اسکی اطاعت میں مبذول رہے اسکی برابری کے دعوے سے ہاتھ اٹھائیں اسکو نائب رسول شمار میں لائیں **نکتۂ ثالث** خلیفہ راشد نبی حکمی ہے ہر چند فی الحقیقت پایہ رسالت کو نہیں پہنچا ہے منصب خلافت حضرات انبیاء علیہم السلام کے چند احکام کے ساتھ جناب مالک علام سے اسکو عنایت ہوا ہر چند احکام مسطورہ بالاستیعاب ابواب آئندہ میں ان شاء اللہ تعالیٰ مذکور ہوں گے لیکن دو تین احکام اس مقام میں ذکر کیے جاتے ہیں انکو سن لینا چاہیے از انجملہ یہ ہے کہ توقف نجات اخروی اسکی اطاعت پر موقوف ہے یعنی جیسے کہ کوئی ہزار وجہ سے معرفت الٰہی اور اصلاح نفس میں جد و جہد تمام اور کوشش و سعی

قبول فرمود و آن را باین وجہ رو نمودند کہ این حدیث
اشارت ست بخلافت حضرت مہدی پس ہر ابر خلافت
دیگران حمل میکنی و نیز وارد شدہ۔ قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم
اذا رأیتم الرایات السود قد جاءت من قبل خراسان
فأتوها ولو حبوا علی الثلج فان فیها خلیفۃ اللہ
المہدی و نیز ظاہرست کہ این مہدی بجز آن مہدی
موعود ست کہ ظہور آن از مدینہ منورہ ست نہ از خراسان و این ہم
خلیفۃ اللہ ست کہ کافۂ انام مسلمین باعانت او مامور اند و در رفاقت
او ماجور و نیز وارد شدہ۔ قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم
یخرج رجل من وراء النہر یقال لہ الحارث
حراث علی مقدمتہ رجل یقال لہ منصور یمکن
لآل محمد کما مکنت قریش لرسول اللہ وجب
علی کل مؤمن نصرہ و نیز ظاہرست کہ این بزرگ
از اہل بیت ست کہ حارث موید اوست غیر مہدی موعود
ست چہ مہدی موعود را اولاً باجماع لشکر عرب تائید خواہد شد
نہ باجماع لشکر ماوراء النہر پس حال خلافت راشدہ را با مملکت
ظاہرہ بحال سلطنت عادلہ یا حکومت جابرہ قیاس
باید کرد پس چنانکہ گاہے سلطنت عادلہ ظہور میکند و گاہے
حکومت جابرہ ہمچنین گاہے خلافت راشدہ جلوہ گر میگردد
و گاہے مملکت ظاہرہ تبدل قسمین خلافت را بر تبدل
لیل و نہار قیاس باید کرد کہ بعد از زمانہ لیل و نہار آشکارا
میگردد و باز در ظلمت شب روپوش می شود و بعد
ازان بانوار او جوشش می زند و در ہیچ زمانے از
ازمنہ از نزول نعمت الٰہی کہ عبارت از ظہور
خلافت راشدہ ست ہرگز مایوس نباید شد

قبول فرمایا اور اسکو اس وجہ سے رد کیا کہ یہ حدیث خلافت
حضرت مہدی کی طرف مشیر ہے پس کس واسطے دوسرون کی
خلافت پر حمل کرتا ہے تو اور یہ بھی حدیث میں آیا ہے۔ فرمایا نبی
صلی اللہ علیہ وسلم نے (ترجمہ کہ جب دیکھو تم سیاہ جھنڈے
خراسان کی طرف سے آتے اُن کے پاس آنا اُنکو چاہیے سرین
کے بل برف پر چلنا ہو کیونکہ اُن میں تو مہدی اللہ تعالیٰ کا
خلیفہ ہے) اور یہ بات ظاہر ہے کہ یہ مہدی اُس مہدی
موعود کا غیر ہے کہ اُسکا ظہور مدینہ منورہ سے ہے نہ خراسان
سے اور یہ بھی خلیفۃ اللہ ہے کہ جملہ اہل اسلام اُنکی اعانت
اور مدد کے واسطے مامور ہیں اور رفاقت میں اُسکے ماجور
ہیں اور یہ بھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے
(ترجمہ نکلے ایک آدمی نہر کے اس طرف سے کہا جاویگا
اُسکو حارث حراث اُسکے آگے ایک آدمی ہوگا اُسکو منصور
کہیں گے عزت دیگا آل محمد کو جیسا کہ عزت دی قریش نے
اللہ کے رسول کو واجب ہے ہر مومن پر مدد اُنکی) اور
ظاہر ہے کہ یہ بزرگ جو اہل بیت سے ہے کہ حارث
جسکا موید ہے غیر مہدی موعود ہے اسلیے کہ مہدی
موعود کو اولاً اجماع لشکر عرب کے ساتھ تائید ہوگی نہ
اجتماع لشکر ماوراء النہر سے پس خلافت راشدہ کا حال
مملکت ظاہرہ کے ساتھ سلطنت عادلہ کے حال پر جو
حکومت جابرہ کے ساتھ ہے قیاس کرنا چاہیے پس
جس طور پر کہ کبھی سلطنت عادلہ ظہور کرتی ہے اور کبھی
خلافت راشدہ جلوہ گر ہوتی ہے اور کبھی مملکت ظاہرہ
تبدل قسمین خلافت کو تبدل لیل و نہار پر قیاس کرنا
چاہیے کہ بعد زمانہ لیل و نہار آشکارا ہوتا ہے اور پھر ظلمت
شب میں روپوش ہوتا ہے اسکے بعد پھر نور اُسکا جوش
مارتا ہے کسی زمانہ میں نزول نعمت الٰہی سے کہ عبارت
ظہور خلافت راشدہ سے ہے ہرگز مایوس نہونا چاہیے

فیما بین دو شخص حکم فرماید مثل انعقادِ نکاح یا بیع یا امثال
ذالک پس آن معاملہ بمجرد حکم خود بخود منعقد میگردد و پس باز
کسے را چون و چرا در آن نمی رسد چنانکہ حق جل و علی میفرماید
وما کان لمومن ولا مؤمنة اذا قضی الله و
رسوله امراً ان یکون لهم الخیرة من امرهم
ہمچنین عقودِ مذکورہ بحکمِ امام یا نائبِ او کہ قاضی ست
خود بخود منعقد می شود مجالِ گفتگو کسے را باقی نمی ماند چنانکہ
مسئلہ قضاء القاضی ینفذ ظاهراً و باطناً در متون و شروح
مصرح ست و از انجملہ ثبوتِ حکمِ شرعی ست بامر او یعنی چنانکہ
در فعلے از افعال و قولے از اقوال ہزار منافع و مضار مدرک
شود و بصد وجہ حسن یا قبح عقلاً درو ثابت شود اما تا وقتیکہ کتاب
منزل یا نص نبی مرسل بر لزوم یا منعِ او دلالت نداشتہ باشد
وجوب یا حرمتِ آن قول و فعل شرعاً ثابت نمی توان شد
ہمچنین اگر در فعلے یا قولے بہزار وجہ منفعت در ابواب
سیاست مفہوم گردد اما تا وقتیکہ حکم امام یا نائبِ او بآن
ملحق نگردد آن را از واجباتِ شرعیہ نتوان شمرد و ہمچنین
اگر بر صحتِ دعویٰ یا بطلانِ آن یا ثبوتِ حد و تعزیر ہزار
دلائل باشد و صد گواہان در آن گواہی دہند اما تا وقتیکہ
حکمِ امام یا نائبِ او بہ آن ملحق نگردیدہ ہرگز بہ پایۂ ثبوت نرسید
پس چنانکہ سببِ ثبوتِ احکامِ شرعیہ نص نبوی ست و
بیانِ وجوہِ حسن و قبح عقلی محض بنا بر تسلی خاطرِ مخاطبین
الزامِ مخالفین ست و پس ہمچنین سببِ ثبوتِ احکامِ عقود و
معاملات و حدود و تعزیرات حکمِ امام و نائبِ او ست و
اظہارِ شہادتِ شہود و بیانِ منافع و مضار
محض بنا بر تسلی خاطرِ حاکم ست و الزامِ کسے کہ او را

دو شخصوں کے درمیان حکم فرماوے مثل انعقادِ نکاح یا بیع یا
اسکے مثل اور معاملہ ہو بس وہ معاملہ بمجرد حکم خود بخود منعقد
ہوتا ہے پھر کسی کو اسمیں چون و چرا کی نوبت نہیں پہنچتی ہے
